Email- info@awamilalkaar.com

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 جمعۃ المبارک، 15 ستمبر 2023ء، 28 صفر المظفر 1445ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 138

سپریم کورٹ نے تحریک انصاف کی 90 روز میں عام انتخابات کرانے کی آئینی درخواست واپس کردی، رجسٹرار آفس سپریم کورٹ نے پی ٹی آئی کی درخواست اعتراضات لگا

90 روز میں الیکشن، سپریم کورٹ نے PTI کی درخواست اعتراضات لگا کر واپس کردی

صدر مملکت کو آئین کے آرٹیکل 248 کے مطابق درخواست میں فریق نہیں بنایا جا سکتا۔ درخواست میں نہیں بتایا گیا کہ درخواست گزار کا کونسا بنیادی حق متاثر ہوا؟

پی ٹی آئی نے وکیل علی ظفر کے توسط سے درخواست دائر کی تھی، درخواست میں 90 روز میں انتخابات کرانے اور مشترکہ مفادات کونسل کا فیصلہ کالعدم قرار دینے کی استدعا کی گئی تھی

اسلام آباد (نامہ نگار) سپریم کورٹ نے تحریک انصاف کی 90 روز میں عام انتخابات کرانے کی آئینی درخواست واپس کردی، رجسٹرار آفس سپریم کورٹ نے پی ٹی آئی کی درخواست اعتراضات لگا کر واپس کی۔ سپریم کورٹ نے اعتراض لگایا کہ درخواست گزار نے سپریم کورٹ آنے سے قبل کسی متعلقہ فورم سے رجوع نہیں کیا، صدر مملکت کو آئین کے آرٹیکل 248 کے مطابق درخواست میں فریق نہیں بنایا جا سکتا۔ درخواست میں نہیں بتایا گیا کہ درخواست گزار کا کونسا بنیادی حق متاثر ہوا؟ درخواست میں براہ راست سپریم کورٹ سے رجوع کرنے کے آرٹیکل 184/3 کے تقاضے پورے نہیں کیے گئے۔ پی ٹی آئی نے وکیل علی ظفر کے توسط سے درخواست دائر کی تھی، درخواست میں 90 روز میں انتخابات کرانے اور مشترکہ مفادات کونسل کا فیصلہ کالعدم قرار دینے کی استدعا کی گئی تھی۔ سپریم کورٹ نے تحریک انصاف کی 90 روز میں عام انتخابات کرانے کی آئینی درخواست واپس کردی، رجسٹرار آفس سپریم کورٹ نے پی ٹی آئی کی درخواست اعتراضات لگا کر واپس کی۔ سپریم کورٹ نے اعتراض لگایا کہ درخواست گزار نے سپریم کورٹ آنے سے قبل کسی متعلقہ فورم سے رجوع نہیں کیا، صدر مملکت کو آئین کے آرٹیکل 248 کے مطابق درخواست میں فریق نہیں بنایا جا سکتا۔ درخواست میں نہیں بتایا گیا کہ درخواست گزار کا کونسا بنیادی حق متاثر ہوا؟ درخواست میں براہ راست سپریم کورٹ (بقیہ نمبر 1)

نواز شریف دور کے توانائی منصوبوں میں کوئی کرپشن نہیں ملتی، گورنر پنجاب

کول انرجی سستی توانائی ہے جس کے میدان میں انڈونیشیا اور ملائیشیا بھی آ رہے، گورنر بلیغ الرحمان

لاہور (سٹاف رپورٹر) گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان نے کہا ہے کہ سابق وزیراعظم نواز شریف کے دور میں لگائے گئے توانائی کے منصوبوں میں کوئی کرپشن نہیں ملتی۔ گورنر بلیغ الرحمان کا کہنا تھا کہ پاکستان میں 2013 سے پہلے توانائی کا بہت زیادہ بحران تھا (بقیہ نمبر 4)

صدر واضح موقف نہیں دیتے، وکٹ کے دونوں اطراف کھیلتے ہیں، پیپلز پارٹی

پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی رہنما شازیہ مری نے کہا کہ آج کے اجلاس میں صدر کے خط، الیکشن اور ملکی مسائل زیر غور آئے

لاہور (خبر نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی رہنما شازیہ مری نے کہا کہ آج کے اجلاس میں صدر کے خط، الیکشن اور ملکی مسائل زیر غور آئے، صدر عارف علوی ادھر کی بات کرتے ہیں نہ ادھر کی، وکٹ کے دونوں اطراف کھیلتے ہیں۔ پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو (بقیہ نمبر 3)

وفاقی کابینہ کی ذیلی کمیٹی کا اجلاس، 17 افراد کے نام ECL میں ڈالنے کی سفارش

اجلاس میں نظر ثانی کے لئے پیش کی گئی اپیلوں میں سے 5 افراد کے نام ای سی ایل سے نکالنے کی سفارش کی گئی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی کابینہ کی ذیلی کمیٹی برائے ای سی ایل نے 17 افراد کے نام ای سی ایل میں ڈالنے کی سفارش کردی۔ وفاقی کابینہ کی ذیلی کمیٹی برائے ای سی ایل کا اجلاس ہوا، اجلاس میں نگران وزیر داخلہ سرفراز احمد بگٹی اور نگران وزیر مواصلات (بقیہ نمبر 2)

نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ ہمیں ہے افغانستان میں چھوڑا گیا امریکی اسلحہ بلیک مارکیٹ میں جگہ جگہ فروخت ہو رہا ہے

جن افغان مہاجرین کے پاس ویزا یا دستاویز نہیں، فوری واپس بھیجیں گے، وزیراعظم

بی ایل اے، ٹی ٹی پی اور داعش تینوں کے پاس یہ اسلحہ موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ نان سٹیٹ ایکٹرز اس اسلحے کو استعمال کر رہے ہیں

جن افغان مہاجرین کے پاس ویزا یا دستاویز نہیں انہیں فوری واپس بھیجیں گے، کچھ لوگوں نے ہماری فیملی ٹری میں گھس کر شناختی کارڈ بنائے

اسلام آباد (خبر نگار) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ جن افغان مہاجرین کے پاس ویزا یا دستاویز نہیں انہیں فوری واپس بھیجیں گے، ہماری فیملی ٹری میں گھس کر شناختی کارڈ بنوانے والوں کا بھی پتہ لگا رہے ہیں۔ ایک بیان میں نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ ہمیں ہے افغانستان میں چھوڑا گیا امریکی اسلحہ بلیک مارکیٹ میں جگہ جگہ فروخت ہو رہا ہے، بی ایل اے، ٹی ٹی پی اور داعش تینوں کے پاس یہ اسلحہ موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ نان سٹیٹ ایکٹرز اس اسلحے کو استعمال کر (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سے نگران وزیر تجارت گوہر اعجاز نے ملاقات کی

شہری کو 12 لاکھ روپے بجلی کا بل بھیجنے پر نیپرا اور کے الیکٹرک کو نوٹس جاری

کراچی (نیوز رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ نے شہری کو بجلی کا بل 12 لاکھ روپے بھیجنے پر کے الیکٹرک اور نیپرا حکام کو نوٹس جاری کرتے ہوئے فریقین سے 20 ستمبر تک تحریری جواب طلب کرلیا (بقیہ نمبر 6)

قائمہ کمیٹی توانائی کا نیپرا چیئرمین اور ارکان کے سمن جاری کرنے کا فیصلہ

چیئرمین نیپرا و سیم مختار کو رہنا ہے تو اجلاس میں شرکت کیا کریں، چیئرمین قائمہ کمیٹی کا اظہار برہمی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے توانائی نے عدم حاضری پر چیئرمین نیپرا اور چاروں ممبران نیپرا کے سمن جاری کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ سینیٹر سیف اللہ ابڑو کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی توانائی کا اجلاس منعقد ہوا۔ چیئرمین نیپرا کی اجلاس میں عدم شرکت پر قا (بقیہ نمبر 7)

نواز شریف کی واپسی بحرانوں میں گھرے پاکستان کیلئے طلوع سحر ہے، مریم نواز

عوام نواز شریف کو دو تہائی سے زیادہ مینڈیٹ دیں، وعدہ ہے معاشی بدحالی، مہنگائی، بیروزگاری کے اندھیرے ختم کردیں گے

نواز شریف کی واپسی بحرانوں میں گھرے پاکستان کیلئے طلوع سحر ہے، پاکستان کا بیٹا ایک بار پھر قوم کو مشکلات سے نکالنے کیلئے آرہا ہے

لاہور (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ ن کی چیف آرگنائزر و سینئر نائب صدر مریم نواز نے کہا ہے کہ نواز شریف کی واپسی بحرانوں میں گھرے پاکستان کیلئے طلوع سحر ہے۔ سابق ارکان اسمبلی اور پارٹی ٹکٹ ہولڈرز کے مشاورتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز کا کہنا تھا کہ نواز شریف (بقیہ نمبر12)

اسلام آباد: 90 روز میں الیکشن: سپریم کورٹ نے پی ٹی آئی کی درخواست اعتراضات لگا کر واپس کردی

گیس چوری کیخلاف کریک ڈاؤن

مردان میں پانچ کلومیٹر طویل غیر قانونی نیٹ ورک پکڑا گیا

سوئی ناردرن نے گیس چوری کے خلاف کارروائیاں، پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 241 گیس کنکشن منقطع کردیے

کریک ڈاؤن کے دوران ایک بڑی کارروائی میں مردان کے علاقے میں گیس کا پانچ کلومیٹر طویل غیر قانونی نیٹ ورک پکڑا گیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن نے گیس چوری کے خلاف کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 241 گیس کنکشن منقطع کردیے، گیس چوری میں ملوث افراد سے 27 لاکھ روپے وصول کیے جائیں گے۔ کریک ڈاؤن کے دوران (بقیہ نمبر 8)

ایس ایچ او تھانہ گوجر خان اور انکی ٹیم منشیات فروشوں کے خلاف کمربستہ

دو منشیات فروش گرفتار منشیات برآمد کر کے ملزمان کے خلاف مقدمات درج

گوجر خان (قمر شہزاد) ایس ایچ او تھانہ گوجر خان اکبر عباس اور انکی ٹیم منشیات فروشوں کے خلاف کمربستہ پولیس تھانہ گوجر خان کے اے ایس آئی راجہ زبیر نے دو ملزمان سے منشیات برآمد کر کے (بقیہ نمبر 13)

اسٹیٹ بینک کا شرح سود 22 فیصد پر برقرار رکھنے کا فیصلہ

اسٹیٹ بینک نے نئی مانیٹری پالیسی جاری کرتے ہوئے عوام کو مہنگائی میں کمی کی خوش خبری سنائی ہے

کراچی (جنرل رپورٹر) اسٹیٹ بینک نے مانیٹری پالیسی جاری کرتے ہوئے شرح سود 22 فیصد پر برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے ساتھ ہی عوام کو مہنگائی میں کمی کی خوش خبری دی ہے۔ (بقیہ نمبر 14)

آزاد کشمیر اور گلگت پر مشتمل بھارتی نقشے قابل قبول نہیں، دفتر خارجہ

نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ 18 ستمبر سے 23 ستمبر تک اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 78 ویں اجلاس میں شرکت کریں گے

مقبوضہ جموں کشمیر میں خواتین کو نشانہ بنایا جا رہا ہے، بھارتی فورسز کے ہاتھوں انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیاں جاری ہیں

اسلام آباد (خبر نگار) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان پر مشتمل بھارتی نقشے ناقابل قبول ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ نے ہفتہ وار میڈیا بریفنگ میں کہا کہ نگران وزیر خارجہ کامن ویلتھ یوتھ منسٹرز اجلاس میں شرکت کیلئے لندن کے دورے پر ہیں، نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ 18 ستمبر سے 23 ستمبر تک اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 78 ویں اجلاس میں شرکت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ جموں کشمیر میں خواتین کو نشانہ بنایا جا رہا ہے، بھارتی فورسز کے ہاتھوں انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیاں جاری ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بھارت کے نقشے میں دکھائے گئے آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان پاکستان کے زیر انتظام ہیں، ایسے کسی بھی نقشے کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ طورخم سرحد پر افغان (بقیہ نمبر 11)

نامزد چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ 17 ستمبر کو حلف اٹھائیں گے

چیف جسٹس ریٹائرڈ ججوں کے لیے مختص گھر میں منتقل ہو گئے ہیں

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) نامزد چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ 17 ستمبر کو اپنے عہدے کا حلف اٹھائیں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نامزد چیف جسٹس پاکستان کو قانون کے (بقیہ نمبر 9)

بجلی چوروں سے وصولیاں ایک ارب روپے سے تجاوز کر جائیں گی، سیکرٹری توانائی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) سیکرٹری پاور راشد لنگڑیال نے کہا ہے کہ بجلی چوروں سے وصولیاں ایک ارب روپے سے تجاوز کر جائیں گی۔ راشد لنگڑیال نے سوشل میڈیا پر اعداد و شمار جاری کرتے ہوئے کہا کہ بجلی چوروں سے 95 کروڑ 10 لاکھ وصول کر لیے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 490 بجلی چور گرفتار کیے جا چکے ہیں۔ راشد لنگڑیال کے مطابق 4241 بجلی چوروں کے خلاف ایف آئی آر درج ہو چکی ہیں۔

سجادہ نشین کلیام اعوان کی انگلینڈ میں سجادہ نشین دیوان حضوری کی رہائش گاہ پر آمد

ایڈووکیٹ ملک راشد محمود اعوان کو اس محفل میں خصوصی طور پر مدعو کیا گیا

گوجر خان (قمر شہزاد) سجادہ نشین آستانہ عالیہ کلیام اعوان سائیں شعبان فرید کی UK کے شہر کاونٹری میں صاحبزادہ عرفان احمد شاہ زیب سجادہ نشین آستانہ عالیہ حضرت دیوان حضوری کی رہائش گاہ انگلینڈ پر آمد شرکا میں سماجی کارکن معروف قانون دان ملک راشد محمود اعوان ایڈووکیٹ (بقیہ نمبر 10)

CASS اسلام آباد نے انڈین الیکٹورل پولیٹکس

انڈیا کی پری پول ڈائنامکس اینڈ امپلیکیشنز فار دی ریجن کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد

ائیر مارشل اشفاق آرائیں ریٹائرڈ، سی اے ایس کے مشیر برائے CASS امور نے اختتامی کلمات کہے

مقررین نے ہندوستان کے سیاسی ماحول، مودی کے دوبارہ منتخب ہونے کی کوشش اور علاقائی استحکام پر اس کے اثرات کا جائزہ لیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (CASS)، اسلام آباد نے 'انڈین الیکٹورل پولیٹکس: انڈیا کی پری پول ڈائنامکس اینڈ امپلیکیشنز فار دی ریجن ' کے موضوع پر ایک سیمینار کا انعقاد کیا۔ معزز مقررین میں سفیر اشرف جہانگیر قاضی، ہندوستان میں پاکستان کے سابق ہائی کمشنر ؛ ایئر مارشل وسیم الدین، HI(M)، SBt (ریٹائرڈ)، سابق ڈائریکٹر، سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (CASS)، اسلام آباد؛ اور ڈاکٹر محمد مجیب افضل، اسسٹنٹ پروفیسر قائد اعظم یونیورسٹی شامل تھے۔ ایئر مارشل اشفاق آرائیں (ریٹائرڈ)، سی اے ایس کے مشیر برائے CASS امور نے اختتامی کلمات کہے۔ جبکہ صدر سی اے ایس ایس اور پاکستان کے نگراں وزیر اعظم کے مشیر برائے ہوا بازی ایئر مارشل فرحت حسین خان نے شکریہ کے کلمات ادا کیے۔ مقررین نے ہندوستان کے سیاسی ماحول، مودی کے دوبارہ منتخب ہونے کی کوشش اور علاقائی استحکام پر اس کے اثرات کا جائزہ لیا۔ بات چیت کے دور میں پاکستان کے لیے ایک کثیر جہتی حکمت عملی کی اہمیت پر زور دیا گیا، جس میں اسٹریٹجک سفارت کاری، مضبوط فوجی تیاری اور ایک توانا اور بااختیار میڈیا کی ضرورت کو اجاگر کیا گیا۔ مقررین نے اس نظریے پر اتفاق کیا کہ انتخابی فوائد کے لیے سیکیورٹی کے مسائل سے فائدہ اٹھانے کی ہندوستان کی روایت کو دیکھتے ہوئے، پاکستان کو اپنے قومی مفادات کے تحفظ کے لیے چوکس اور متحرک رہنا چاہیے۔ اس (بقیہ نمبر 30)

CASS
CENTRE for AEROSPACE & SECURITY STUDIES

اسلام آباد: دنیا پاکستان کی سرمایہ کار دوست پالیسیوں سے مستفید ہو: صدر مملکت

سراج الحق (آج) فیصل آباد میں جلسہ عام سے خطاب کریں گے

جلسہ کو یادگار اور تاریخی بنانے کیلئے انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) جماعت اسلامی نے جمعہ کو گھنٹہ گھر چوک میں ہونے والے جلسہ عام کی تمام تیاریاں مکمل کرلی ہیں۔ سراج الحق وطن عزیز کو مہنگائی، بیروزگاری کے دلدل سے نکالنے کیلئے اگلے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے۔ المرکز الاسلامی چنیوٹ بازار میں جلسہ عام کے سلسلہ میں قائم کی گئی کمیٹیوں کے جائزہ اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے ضلعی امیر پروفیسر محبوب الزماں بٹ نے کہا کہ جلسہ کو یادگار اور تاریخی بنانے کیلئے انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ جلسہ میں باپردہ خواتین اور بچے بھی شرکت کریں گے۔ جماعت اسلامی کے کارکن ریلیوں کی صورت میں جلسہ میں شرکت کریں گے۔ ریلیوں کی قیادت (بقیہ نمبر17)

نواز شریف کو نجات دہندہ کہنا قوم سے مذاق ہے، فیاض الحسن چوہان

(ن) لیگ اپنے جرائم پر پردہ ڈالنے کیلئے نواز شریف کی واپسی کا کارڈ کھیل رہی ہے

لاہور (نیوز رپورٹر) استحکام پاکستان پارٹی کے رہنما و سابق صوبائی وزیر فیاض الحسن چوہان نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) نواز شریف کی واپسی کو نجات دہندہ کی واپسی قرار دے کر قوم کا مذاق اڑا رہی ہے۔ سابق وزیراعظم نواز شریف کی وطن واپسی کے اعلان پر ردعمل دیتے ہوئے فیاض الحسن چوہان کا کہنا تھا کہ (ن) لیگ اپنے جرائم پر پردہ ڈالنے کیلئے اب نواز شریف کی واپسی کا کارڈ کھیل رہی ہے (بقیہ نمبر 22)

اندھی گولی کا شکار بچی کی موت کا واقعہ، ملزم کو گرفتار کرلیا گیا

گولی ڈاکوؤں کے بجائے سڑک پر گاڑی میں موجود بچی کو لگی

شادی بیاہ میں فائرنگ یا دیگر مواقع پر ہوائی فائرنگ سے ایسے حادثات رونما ہو سکتے ہیں

کراچی (سٹاف رپورٹر) شہر قائد میں ایک بار پھر شہری گھروں کے اندر اندھی گولیوں کا شکار بننے لگے۔ کراچی کے علاقے سخی حسن کے قریب فائرنگ سے بچی کے جاں بحق ہونے کے واقعے کے ملزم کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم علی رضا نجی کمپنی کا سکیورٹی گارڈ ہے (بقیہ نمبر 28)

نگران حکومت کے حکم پر بجلی چوروں کے خلاف منظم مہم جاری

درجنوں بجلی چور واپڈا ٹیم کے ہتھے چڑھ گئے، لاکھوں روپے جرمانہ، مقدمات درج

حبیب آباد (رشید احمد نعیم) لائن سپرنٹنڈنٹ محکمہ واپڈا اجمل منظور نے اپنی ٹیم کے ہمراہ حکومتی ہدایات پر ایکسین سٹی تبسم طاہر راؤ اور ایس ڈی او سول ایریا راشد اعوان کی قیادت میں بجلی چوروں کے خلاف کارروائی کا آغاز کردیا ہے اور درجنوں بجلی چوروں کے خلاف مقدمات درج کرادیے ہیں جبکہ بجلی چوروں کو لاکھوں روپے کے جرمانے کیے گئے اور ڈیفالٹر کنزیومر سے لاکھوں روپے کی ریکوری کی۔ اس موقع پر انھوں نے کہا کہ بجلی چوروں کے خلاف مہم جاری رہے (بقیہ نمبر 29)

الیکشن کمیشن کے عام انتخابات کی تاریخ دینے کے اختیار کا اقدام چیلنج

لاہور (نیوز رپورٹر) الیکشن کمیشن کے عام انتخابات کی تاریخ دینے کے اختیار کے اقدام کو چیلنج کردیا گیا۔ جوڈیشل ایکٹوزیم پینل نے سپریم کورٹ لاہور رجسٹری میں آئینی درخواست دائر کردی جس میں وفاقی حکومت، الیکشن کمیشن سمیت (بقیہ نمبر 23)

پیپلز پارٹی کو ٹف ٹائم دینے کی تیاری، جے یو آئی اور ایم کیو ایم کا سندھ میں مل کر چلنے پر اتفاق

کراچی (خبر نگار) سندھ میں پیپلز پارٹی کو ٹف ٹائم دینے کیلئے ایم کیو ایم متحرک ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق آئندہ عام انتخابات کے پیش نظر سندھ میں پیپلز پارٹی کیخلاف نئی سیاسی صف بندی شروع ہوگئی ہے۔ ایم کیو ایم پاکستان نے جی ڈی اے (بقیہ نمبر26)

ریلویز پولیس نے مسافروں کو لوٹنے والا ریکارڈ یافتہ ملزم گرفتار کرلیا

لاہور (سٹی رپورٹر) ریلویز پولیس لاہور ڈویژن کے تھانہ رائیونڈ نے موثر کارروائی کرتے ہوئے علی رضا نامی مسافروں کو لوٹنے والا ریکارڈ یافتہ ملزم گرفتار کرلیا۔ ملزم علی رضا چند روز قبل عامر نامی مسافر جو کہ کوٹ رادھا کشن ریلوے اسٹیشن کے پلیٹ فارم نمبر 2 پر ٹرین خیبر میل کا انتظار کر رہا تھا کا پرس چھین کر (بقیہ نمبر 27)

کمشنر راولپنڈی کی ہدایت پر قائم ٹاسک فورس کی بڑی کارروائی

ٹاسک فورس نے 11 غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف گرینڈ آپریشن کیا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) کمشنر راولپنڈی ڈویژن لیاقت علی چٹھہ کی ہدایت پر ڈائریکٹر جنرل آر ڈی اے محمد سیف انور جپہ کی سربراہی میں قائم ٹاسک فورس نے چکری روڈ راولپنڈی پر 11 غیر قانونی ہاسنگ سکیموں کے خلاف گرینڈ آپریشن کرتے ہوئے راول انکلیو، حیدر (بقیہ نمبر 24)

پراسیکیوٹر جنرل نیب سید اصغر حیدر کا استعفیٰ منظور

پراسیکیوٹر جنرل نیب سید اصغر حیدر کی مدتِ ملازمت فروری 2024 میں مکمل ہونا تھی

اسلام آباد (نامہ نگار) قومی احتساب بیورو (نیب) کے پراسیکیوٹر جنرل سید اصغر حیدر کا استعفیٰ منظور کر لیا گیا۔ وزارت قانون نے اصغر حیدر کے استعفے کی منظوری کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ پراسیکیوٹر جنرل نیب جسٹس ریٹائرڈ سید اصغر حیدر نے 9 ستمبر کو استعفیٰ دیا تھا، جو وزیر اعظم آفس کو موصول ہو گیا تھا۔ پراسیکیوٹر جنرل نیب سید اصغر حیدر کی مدتِ ملازمت فروری 2024 میں مکمل ہونا تھی۔ نیب کے پراسیکیوٹر جنرل سید اصغر حیدر نے استعفیٰ دینے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا تھا کہ (بقیہ نمبر 25)

لاہور: صدر واضح موقف نہیں دیتے، وکٹ کے دونوں اطراف کھیلتے ہیں: پیپلز پارٹی



مبارک باد

جناب احمد نعیم صاحب

کو ڈائریکٹر انفارمیشن سرگودہا ڈویژن تعینات ہونے پر
دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

اُمید کرتا ہوں کہ وہ اپنی زمہداریاں بطریق احسن
نبھانے کے ساتھ ساتھ اخبارات کے درینہ مسائل
حل کروانے میں کلیدی کردار ادا کریں گے۔

منجانب
محمد فیصل ندیم
ایڈیٹر انچیف

ABC عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

www.awamilalkaar.com awamilalkaar awamilalkaar awamilalkaar

ABC عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

نگران وزیراعظم کا عزم

وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے کہا ہے کہ ان کا اقتدار کو طول دینے کا کوئی ارادہ نہیں، ملکی مفاد میں سیاسی و معاشی فیصلے کیے جا رہے ہیں، پارلیمنٹ نے قانون پاس کیا ہے، جس کے تحت الیکشن کی تاریخ دینا الیکشن کمیشن کا کام ہے۔ نجی ٹی وی کو دیئے گئے انٹرویو کے دوران نگران وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ان کی پہلی ترجیح معیشت کی بحالی ہے، نئی حکومت آئے گی تو اس کا وقت ضائع نہیں ہوگا، نومئی میں ملوث افراد سے قانون کے مطابق نبٹا جا رہا ہے، آئین اور قانون کے حساب سے تمام شہری برابر ہیں۔ انہوں نے کہ پاکستان تحریک انصاف) پی ٹی آئی (سمیت کسی بھی سیاسی جماعت پر کوئی قدغن نہیں ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ نوازشریف تین بار وزیراعظم رہ چکے ہیں، قانون کے تحت انہیں اگر کوئی سہولت حاصل ہے تو ضرور ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کا خیال ہے کہ انتخابات کے بعد سیاسی استحکام نہیں آئے گا تو کیا انتخابات نہ کرائے جائیں؟ افغانستان کے ساتھ ہمارے سٹریٹجک تعلقات ہیں اور اب یہ بات افغانستان کو بھی سمجھ آ رہی ہے کہ ہمسائے بدلے نہیں جا سکتے لیکن وہاں دہشت گردوں کے ہاتھ چھوٹا اسلحہ لگ گیا ہے، وہ شروع ہی سے کسی دہشت گرد گروہ سے بات چیت کے قائل نہیں تھے، قانون شکنی کا حق کسی گروہ کو نہیں دیا جا سکتا، وہ ریاست کی رٹ کو قائم رکھنے میں ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ایسا نہیں ہے کہ سعودی عرب نے اپنے تعلقات پاکستان سے توڑ کر کسی اور سے جوڑ لئے ہیں، ہم میچور انداز میں خارجہ پالیسی کو دیکھ رہے ہیں۔ نگران وزیراعظم کا موقف تھا کہ بھارت کو کھیل اور سیاست کو الگ رکھنا چاہیے، اگر کوئی ٹیم پاکستان آنا چاہے تو سر آنکھوں پر لیکن کسی کو زبردستی گھر نہیں بلایا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ سے بجلی کے حوالے سے معاملات چل رہے ہیں، معیشت جس انداز میں جکڑی ہوئی ہے اس کا احساس لوگوں کو ہے، بجلی چوری جیسی خرافات کا خمیازہ سب کو بھگتنا پڑ رہا ہے، خاص بات یہ ہے کہ مایوس نہیں ہونا اور، اِس گھر کی اونرشپ لینی ہے۔ نگران وزیراعظم کی جانب سے مختلف اہم امور پر گفتگو اور وضاحت اس وقت سامنے آئی ہے جب اِس کی اشد ضرورت محسوس کی جا رہی تھی۔ انتخابات کی تاریخ کے حوالے سے ایک بار پھر پوری قوم گومگو کی سی صورتحال کا شکار ہے، یہ خبر بھی گردش کر رہی ہے کہ صدر عارف علوی کسی وقت بھی انتخابات کی تاریخ کا اعلان کر سکتے ہیں، اللہ نہ کرے یہ پنڈورا بکس کھلے، اگر ایسا ہوا تو پوری قوم بشمول سیاستدان اور ادارے ایک نئی آئینی جنگ میں الجھ سکتے ہیں اور موجودہ حالات میں ملک ایسی جنگ کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ اِس حوالے سے وزیر قانون نے صدرِ مملکت سے ملاقات بھی کی ہے جس میں انہوں نے آئین کے مطابق انتخابات کی تاریخ کے اختیارات پر گفتگو کی۔ خبروں کے مطابق صدرِ مملکت عارف علوی کا کہنا تھا کہ مشاورتی عمل جمہوریت کے لیے مثبت ہوگا۔ پی ٹی آئی کے جنرل سیکرٹری نے بھی صدر کو انتخابات کی تاریخ کے لیے خط لکھا ہے۔ دوسری جانب مسلم لیگ) ن (نے صدر سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ایوانِ صدر چھوڑ کر پی ٹی آئی سیکرٹریٹ منتقل ہو جائیں کیونکہ ان کے عہدے کی آئینی مدت ختم ہو چکی ہے۔ الیکشن تاریخ کی رسہ کشی میں وزیراعظم نے نگران حکومت کے موقف کی وضاحت کر دی ہے، امید کی جانی چاہیے کہ معاملہ افہام و تفہیم سے حل ہو جائے گا۔ وزیراعظم نے اِس عزم کا برملا اظہار کیا کہ وہ اقتدار کو طول دینے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتے بلکہ انتخابات کرا کے اقتدار نومنتخب حکومت کے حوالے کرنا چاہتے ہیں۔ ماضی میں دیکھا گیا ہے کہ ہر جانے والا آنے والے کے لیے معاشی سرنگیں بچھا کر جاتا ہے، ایسے میں نگران وزیراعظم کی جانب سے اِس عزم کا اظہار کہ وہ جو بھی معاشی اصلاحات کر رہے ہیں، اس کا فائدہ آنے والی حکومت کو ہوگا اور وہ آ کر نئے سرے سے صف بندی کرنے کے بجائے انہی اصلاحات کو آگے بڑھا کر معاشی معاملات کو مزید بہتر کر سکے گی، ایسا کرنا یا نہ کرنا اس کی صوابدید ہے تاہم یہ واضح ہو چکا ہے کہ ماضی میں پالیسیوں کے عدم تسلسل کا نقصان ملک کو ہی اٹھانا پڑا۔ نگران حکومت اگر معیشت کے سفر میں بچھے کانٹے چن کر آنے والی حکومت کے لئے آسانیاں پیدا کر جائے تو یہ ایک ایسا کارنامہ ہوگا جسے تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ پاکستان میں انتقالِ اقتدار کبھی بھی خوشگوار نہیں رہا، ہر حکمران اپنے اقتدار کو طول دینے کے لیے انتہائی قدم اٹھانے سے بھی گریز نہیں کرتا۔ امید ہے کہ نگران حکومت اپنے وعدے کے مطابق اقتدار کو طول دینے کے بجائے آئینی طریقے سے منتقلی اقتدار کا حصہ بنے گی۔ وزیراعظم نے اپنی گفتگو میں ان مشکلات کا بھی اظہار کیا جن کے باعث آج ہم اِس صورتحال کا شکار ہیں۔ پٹرول، ڈالر کی سمگلنگ، بجلی اور ٹیکس چوری کے علاوہ بھی کئی ایسے مسائل ہیں جو ہماری معیشت کو گھن کی طرح کھا رہے ہیں۔ انوارالحق کاکڑ درست کہتے ہیں کہ اِن مسائل سے نبٹنے کے لیے کسی کو تو اونرشپ لینا ہوگی۔

پاکستان کا روشن چہرہ۔ جنرل عاصم منیر

عمران امین

پاکستان اس وقت جن حالات سے گزر رہا ہے وہ یقیناً ہماری سیاسی تاریخ میں پہلی بار دیکھے جا رہے ہیں حیرت کی بات یہ ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہو یا مسلم لیگ نون، یہ دونوں پرانی سیاسی جماعتیں ہیں جو اپنی باہمی لڑائی کی وجہ سے کئی بار مارشل لا کا نفاذ دیکھ چکی ہیں۔ ان جماعتوں کے قائدین کو پتا ہے کہ سیاسی قوتوں کو کرش کرنے اور سیاسی قوتوں کی آپس میں لڑائی کے کیا نتائج نکلتے ہیں مگر افسوس وہ بھی موجودہ حالات میں صرف پوائنٹ سکورنگ کے چکر میں ہیں۔ ہاں اس بات پر، پورا پاکستان متفق ہے کہ تخریب کاری اور غنڈہ گردی میں ملوث سہولت کاروں، منصوبہ سازوں اور مجرموں کو ان کی سیاسی مضبوطی اور عوامی مقبولیت کے باوجود سزا ملنی چاہیے۔ قابل افسوس بات یہ ہے کہ سیاست دان تو پہلے ہی بدنام تھے اب ریاستی اداروں کے دامن پر بھی پسندیدگی اور اقربا پروری کے داغ لگ رہے ہیں۔ ان الزامات میں کتنی حقیقت ہے یہ تو آنے والا وقت ہی بتائے گا مگر دوسری جانب یہ بھی سچ ہے کہ کہیں نہ کہیں اداروں کے سربراہان کی جانب سے بھی دانش مندانہ اقدامات کی کمی رہی ہے۔ ان دنوں سخت تنقید کا نشانہ بننے والے ادارے، عدلیہ نے ماضی میں نامساعد حالات میں بھی عمدہ اور بہتر کارکردگی دکھائی ہے اور ہماری عدالتی تاریخ میں کئی نام سنہری حروف سے لکھے گئے ہیں جنہوں نے وقت کے جابروں کے آگے سرنگوں نہیں کیا اور انصاف کا بول بالا رکھا مگر دوسری جانب سپریم کورٹ کے ریکارڈ کے مطابق، پچھلے ایک سال کے دوران سب سے زیادہ سیاسی مقدمات سننے والے پہلے تین معزز جج صاحبان وہ ہیں جن پر سابقہ پی ڈی ایم حکومت کی جانب سے جانبداری کے الزامات لگائے گئے تھے جبکہ بادی النظر میں باقی کے غیر متنازعہ سینئر جج صاحبان کو جان بوجھ کر سیاسی مقدمات سے دور رکھا گیا حتی کہ نئے نامزد چیف جسٹس سپریم کورٹ قاضی فائز عیسی کو کسی بھی بنچ کا حصہ نہیں بنایا گیا۔ اسی طرح عوامی تنقید کا شکار دوسرا ریاستی ادارہ پاک فوج ہے جس نے ریاست، آئین اور عوام کی جانب سے عائد کردہ ذمہ داریوں کو ہر قیمت پر پورا کرنے کی کوشش کی ہے۔ پاکستانی افواج قربانیوں کی ایک لمبی داستان کی امین ہے ہماری خوش نصیبی ہے کہ پاک فوج کو ہمیشہ سے دلیر، امن پسند اور پیشہ ور سپاہی کی قیادت دستیاب رہی ہے۔ موجودہ سپہ سالار جنرل عاصم منیر بھی اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کر رہے ہیں وہ ہر لمحہ اور ہر جگہ اپنے فرائض کی ادائیگی کے لیے میدان عمل میں مصروف نظر آتے ہیں۔ جنرل عاصم منیر اپنی پیشہ ورانہ خدمات سرانجام دینے کے ساتھ ساتھ عمدہ سفارت کاری کرتے ہوئے پاکستان کے ہمسائیہ ممالک کے ساتھ دوستانہ تعلقات بنانے میں بھی اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ پاکستانی قوم کو اپنے جوانوں پر فخر ہے کہ وہ ہمارے آرام کے لیے خود بے آرام ہوتے ہیں، ہماری نیند کے لیے، وہ جاگتے ہیں اور اپنی جانوں کے نذرانے دے کر ملکی سرحدوں کی نہ صرف حفاظت کر رہے ہیں بلکہ ادویات کی فراہمی، زلزلوں سے متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیاں، الیکشن کو پرامن بنانا، دہشت گردی کے خلاف جنگ، شاہراں کی تعمیر، سیلاب کے دنوں میں امدادی سرگرمیاں سمیت ہر مشکل میں قوم کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں۔ قارئین! حالت جنگ ہو یا امن، پاک افواج جس مستعدی اور جاں فشانی سے وطن عزیز کے دفاع کے لیے سربکف ہے وہ پوری قوم کے لیے باعث اطمینان اور سرمایہ افتخار ہے۔ مگر یہ بھی سچ ہے کہ ماضی میں بعض سربراہان کی ذاتی دلچسپی اور مفادات کی وجہ سے پاکستانی فوج کسی نہ کسی حد تک پسندیدہ سیاسی قوتوں کی پشت پناہی، سزا و جزا کے عمل میں دخل اندازی اور سیاسی انجینئرنگ میں شامل رہی ہے اور اس وقت عوام، افواج پاکستان کے اس کردار سے نالاں ہیں۔ پاکستان کو صرف اندرونی محاذ پر پریشانی نہیں بلکہ بیرونی محاذ پر بھی خطرات منڈلا رہے ہیں عالمی طاقتوں کی پاکستانی سیاسی معاملات میں بھرپور دلچسپی ہے کیونکہ جغرافیائی طور پر پاکستان کا محل وقوع بہت اہم ہے ہمارے پڑوس میں دنیا کی دو بڑی معاشی قوتیں آباد ہیں۔ چند ماہ پہلے عالمی قوتوں کی جانب سے ہماری سیاسی قوتوں کو یہ بیانیہ دیا گیا کہ پاکستان جلد ڈیفالٹ کر جائے گا اور دوسرا سری لنکا بن جائے گا۔ بدقسمتی سے ہماری عاقبت نااندیش سیاسی قوتوں نے اپنے سیاسی فائدے کے لیے اس بیانیے کو عوام میں خوب کیش کروایا جبکہ اس میں حقیقت کچھ نہ تھی اس بیانیے کا مقصد سیاسی انتشار پھیلانا اور عوام میں ہیجان پیدا کرنا تھا کیونکہ عالمی طاقتیں اپنے مذموم مقاصد کے حصول کے لیے پاکستان کو چاروں طرف سے دبا میں لانا چاہتی تھیں۔ یہ تو اللہ پاک کے کرم، آئی ایم ایف اور دوست ممالک کے تعاون سے حالات بہتر ہوئے مگر عوام کو اس کی بھاری قیمت، مہنگائی کی صورت میں ادا کرنا پڑ رہی ہے۔ عالمی طاقتوں کی جانب سے پاکستان کو ڈیفالٹ قرار دلوانے میں ناکامی کے بعد، ملک میں دہشت گردی کے واقعات میں اضافہ ہو چکا ہے۔ ملک میں سیاسی افراتفری میں اضافہ کرنے کے لیے دفاعی اداروں اور عدالتوں کو متنازعہ بنایا جا رہا ہے، عبوری صدر کے آئینی کردار کو سیاسی بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے، کل کے اتحادی، آج ایک دوسرے پر الزامات لگا رہے ہیں اور لیول پلیئنگ فیلڈ نہ ہونے کا بیانیہ بنایا جا رہا ہے۔ ان مشکل حالات میں جنرل عاصم منیر نے جس طرح کے اقدامات کئے ہیں ان سے امید کی جا سکتی ہے کہ پاکستان جلد اپنے پاں پر کھڑا ہو جائے گا چنانچہ اس مشکل وقت میں پاکستان کی تمام سیاسی قوتیں کو عقل و دانش سے کام لینا ہوگا ورنہ ریاستی اداروں کو جمہوریت پسند ہوتے ہوئے بھی ملکی سالمیت کو محفوظ رکھنے کے لیے سخت اور غیر مقبول فیصلے کرنے پڑیں گے۔ بدقسمتی سے ہماری سیاسی جماعتوں کی قیادت میں بلوغت کی کمی رہی ہے۔ ان کا غیر جمہوری رویہ، ملوکیت کی ہی ایک شکل ہے، جس پر صرف جمہوریت کا ماسک چڑھا دیا گیا ہے۔ سیاسی جماعتوں کے قائدین کو چاہیے کہ وہ نسل در نسل قیادت والے فارمولے کو چھوڑ کر حقیقی جمہوریت کے مطابق اپنی سیاسی جماعتوں کی از سر نو تشکیل کریں اور ملک کے استحکام اور سلامتی کے لیے افواج پاکستان کے سپہ سالار کا ساتھ دیں کیونکہ اسی میں ہماری فلاح ہے۔ ضرورت اب اس بات کی ہے کہ جمہوری سوچ رکھنے والے سیاست دان، کرپٹ اور بے ایمان سیاست دانوں سے اپنے راستے الگ کر لیں کیونکہ جمہوریت کے بچا اور پنپنے کا واحد راستہ یہی ہے۔

اور دوسرا سری لنکا بن جائے گا۔ بدقسمتی سے ہماری عاقبت نااندیش سیاسی قوتوں نے اپنے سیاسی فائدے کے لیے اس بیانیے کو عوام میں خوب کیش کروایا جبکہ اس میں حقیقت کچھ نہ تھی اس بیانیے کا مقصد سیاسی انتشار پھیلانا اور عوام میں ہیجان پیدا کرنا تھا کیونکہ عالمی طاقتیں اپنے مذموم مقاصد کے حصول کے لیے پاکستان کو چاروں طرف سے دبا میں لانا چاہتی تھیں۔ یہ تو اللہ پاک کے کرم، آئی ایم ایف اور دوست ممالک کے تعاون سے حالات بہتر ہوئے مگر عوام کو اس کی بھاری قیمت، مہنگائی کی صورت میں ادا کرنا پڑ رہی ہے۔

ہم کو جو دکھ تھے بہت لادوانہ تھے

کاشف درویش مندرانی

مملکت خداداد پاکستان کو قائم ہوئے چھہتر برس ہو چکے ہیں اور آزادی کے بعد اگر کہا جائے کہ کسی چیز میں اضافہ ہوا ہے تو اسکا جواب ہے کہ بچوں کی تعداد میں ہوا ہے جو آٹھ کروڑ سے پچیس کروڑ تک پہنچ چکے ہیں آج تک یہاں کے باشندوں کی اکثریت بنیادی ضروریات زندگی سے بھی محروم ہے، کھانے کو روٹی نہیں، پینے کو صاف پانی نہیں، رہنے کو گھر نہیں۔ جہاں تک ریاست کا تعلق ہے جسکی بنیادی ذمہ داری ہی عوام کو روٹی کپڑا مکان اور پانی فراہم کرنا ہوتی ہے کہ ریاست بھی ایک لحاظ سے ماں کا درجہ رکھتی ہے مگر افسوس کہ جسے اسلامی فلاحی ریاست بننا تھا وہ اشرافیہ بدمعاشیہ اور اسکے بغل بچہ بیوروکریسی اور گماشتہ ملائیت کے ہاتھوں ایک غریب اور کمزور شخص کیلئے ڈائن کا رنگ اختیار کر چکی ہے کہ یہ اشرافیہ بدمعاشیہ درحقیقت عالمی مالیاتی اداروں کی دست نگر ہو چکی ہے اور ان مالیاتی اداروں سے اندھا دھند اور بے ہنگم قرضے حاصل کرنے کے بعد اشرافیہ بدمعاشیہ نے منی لانڈرنگ کر کے انہی عالمی مالیاتی اداروں کے ممالک کے بنکوں میں موجود اپنے ذاتی اکانٹس میں جمع کرا دیئے جبکہ دوسری طرف عوام پر ناجائز ٹیکس لگا کر ان کے خون سے آخری قطرہ بھی نچوڑ لیا گیا اور اب ہڈیوں سے گودہ نکالنے پر بھی کام شروع ہو چکا ہے کہ پٹرول اور پٹرولیم مصنوعات کو مزید بر آں آئی ایم ایف کے حکم پر مہنگا کرنے کی تیاری مزید تیز کر دی گئی ہے اور یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ بہرحال ان حالات میں کہ جب پانی سر سے گزر چکا ہے ہمارے نام نہاد رہنما یا لیڈرز اقتدار کی کھینچا تانی اور رسہ کشی میں مصروف ہیں اور لگتا ہے کہ انھوں نے ماضی سے سبق نہیں سیکھا کہ کسطرح عاقبت نااندیش مغل بادشاہ شاہ عالم نے 12 اگست 1765 کو لارڈ کلائیو کی سازشوں، بادشاہ کے اپنے ساتھی ہی اس سازش میں شامل تھے انگریزوں کیساتھ معاہدہ کیا اور ایسٹ انڈیا کمپنی کو بنگال، بہار اور اڑیسہ کی دیوانی کے اختیارات صرف 26 لاکھ روپیہ سالانہ خرچہ کے عوض حوالے کر دیئے جسکو بعد میں انگریزوں نے وظیفہ کہنا شروع کر دیا گویا بادشاہ ہندوستان نے اپنا اقتدار انگریزوں کو صرف 26 لاکھ روپے میں فروخت کر دیا اور انگریزوں کا وظیفہ خوار اور دست نگر بن گیا اور جب شاہ عالم مغل بادشاہ 1806 میں اندھا ہو کر فوت ہوا تو اس وقت اقتدار عملی طور پر انگریزوں کے ہاتھوں میں آ چکا تھا۔ اسکے بعد جو حال انگریزوں نے آخری تاجدار ہندوستان بہادر شاہ ظفر کا کیا وہ سب کے سامنے ہے جو بڑی حسرت سے یہ کہتے ہوئے رنگون میں جلاوطنی کی حالت میں فوت ہوا کہ

کتنا ہے بدنصیب ظفر دفن کیلئے!!
دو گز زمین بھی نہ ملی کوئے یار میں

جناب من سلطنت مغلیہ کا عبرت انگیز حشر انگریزوں کے ہاتھوں ہوا اسکی بنیادی وجہ ہی بادشاہ وقت اور اسکے عمال یا اسکے نمائندوں کی عوام یا اپنی رعایا کے حالات سے مکمل بے خبری تھی اور """"""بابر بہ عیش کوش کہ عالم دوبارہ نیست"""" کے مصداق انکی زندگی عیش و عشرت میں ڈوبی ہوئی تھی۔ آج کے حالات بھی یہی رنگ اختیار کر گئے ہیں۔ ان حالات میں بھی اگر ہمارے مقتدر طبقات عوام کو نان ایشوز میں الجھانے کی بجائے اور ان کے اندر ہیجانی کیفیات برپا کرنے کی بجائے اور ان پر مزید ناجائز ٹیکسز لگانے کی بجائے اپنی منجی تھلے ڈانگ پھیریں اور اپنے اندر ایثار اور قربانی کا مادہ پیدا کریں کہ جس قوم کے حکمران غریب ہوں وہاں کے عوام خوشحال ہوتے ہیں۔ عوام کا کچھ بوجھ خود اٹھائیں اور ان کو اعتماد میں لیں اور عملی طور پر عوام کو یہ باور کروائیں کہ طاقت کا سرچشمہ عوام ہیں تو کوئی وجہ نہیں کہ یہ صورت حال جو کہ وقتی اور عارضی ہے ختم ہو جائے گی اور ملک اپنے پیروں پر کھڑا ہو جائے گا۔

بقول شاعر:

اس چارہ گر کو چارہ گری سے گریز تھا
ورنہ ہم کو جو دکھ تھے بہت لادوانہ تھے

بہر حال موجودہ ہیجانی کیفیت کو ختم کرنا ناگزیر اور ضروری امر ہے کہ کسی بھی ریاست کیلئے ضروری ہے کہ اس میں عوام کو Pacified یا پرامن رکھا جائے ورنہ تو ایک خانہ جنگی کی سی صورت پیدا ہو جاتی ہے جو بڑی سے بڑی ریاست کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیتی ہے جس کی ایک مثال سوڈان کی ہے کہ جس کی زمین کے اندر خزانے چھپے ہوئے ہیں کہ پٹرول کا ایک بہت بڑا ذخیرہ سوڈان میں موجود ہے مگر وہاں خانہ جنگی ہونیکی وجہ سے اسطرح کی تباہی ہوئی ہے کہ لوگ قحط سالی کا شکار ہو کر بھوک سے مر رہے ہیں۔

مملکت خداداد پاکستان کو قائم ہوئے چھہتر برس ہو چکے ہیں اور آزادی کے بعد اگر کہا جائے کہ کسی چیز میں اضافہ ہوا ہے تو اسکا جواب ہے کہ بچوں کی تعداد میں ہوا ہے جو آٹھ کروڑ سے پچیس کروڑ تک پہنچ چکے ہیں آج تک یہاں کے باشندوں کی اکثریت بنیادی ضروریات زندگی سے بھی محروم ہے، کھانے کو روٹی نہیں، پینے کو صاف پانی نہیں، رہنے کو گھر نہیں۔ جہاں تک ریاست کا تعلق ہے جسکی بنیادی ذمہ داری ہی عوام کو روٹی کپڑا مکان اور پانی فراہم کرنا ہوتی ہے کہ ریاست بھی ایک لحاظ سے ماں کا درجہ رکھتی ہے مگر افسوس کہ جسے اسلامی فلاحی ریاست بننا تھا وہ اشرافیہ بدمعاشیہ اور اسکے بغل بچہ بیوروکریسی اور گماشتہ ملائیت کے ہاتھوں ایک غریب اور کمزور شخص کیلئے ڈائن کا رنگ اختیار کر چکی ہے کہ یہ اشرافیہ بدمعاشیہ درحقیقت عالمی مالیاتی اداروں کی دست نگر ہو چکی ہے اور ان مالیاتی اداروں سے اندھا دھند اور بے ہنگم قرضے حاصل کرنے کے بعد اشرافیہ بدمعاشیہ نے منی لانڈرنگ کر کے انہی عالمی مالیاتی اداروں کے ممالک کے بنکوں میں موجود اپنے ذاتی اکانٹس میں جمع کرا دیئے جبکہ دوسری طرف عوام پر ناجائز ٹیکس لگا کر ان کے خون سے آخری قطرہ بھی نچوڑ لیا گیا اور اب ہڈیوں سے گودہ نکالنے پر بھی کام شروع ہو چکا ہے کہ پٹرول اور پٹرولیم مصنوعات کو مزید بر آں آئی ایم ایف کے حکم پر مہنگا کرنے کی تیاری مزید تیز کر دی گئی ہے اور یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ بہرحال ان حالات میں کہ جب پانی سر سے گزر چکا ہے ہمارے نام نہاد رہنما یا لیڈرز اقتدار کی کھینچا تانی اور رسہ کشی میں مصروف ہیں اور لگتا ہے کہ انھوں نے ماضی سے سبق نہیں سیکھا کہ کسطرح عاقبت نااندیش مغل بادشاہ شاہ عالم نے 12 اگست 1765 کو لارڈ کلائیو کی سازشوں، بادشاہ کے اپنے ساتھی ہی اس سازش میں شامل تھے انگریزوں کیساتھ معاہدہ کیا اور ایسٹ انڈیا کمپنی کو بنگال، بہار اور اڑیسہ کی دیوانی کے اختیارات صرف 26 لاکھ روپیہ سالانہ خرچہ کے عوض حوالے کر دیئے جسکو بعد میں انگریزوں نے وظیفہ کہنا شروع کر دیا گویا بادشاہ ہندوستان نے اپنا اقتدار انگریزوں کو صرف 26 لاکھ روپے میں فروخت کر دیا اور انگریزوں کا وظیفہ خوار اور دست نگر بن گیا اور جب شاہ عالم مغل بادشاہ 1806 میں اندھا ہو کر فوت ہوا تو اس وقت اقتدار عملی طور پر انگریزوں کے ہاتھوں میں آ چکا تھا۔ اسکے بعد جو حال انگریزوں نے آخری تاجدار ہندوستان بہادر شاہ ظفر کا کیا۔

اسحاق مالی کی فریاد

میاں غلام مرتضی

گزرے وقتوں کی باتیں ہیں کہ جب کسی علاقے میں کوئی شخص برائی کا مرتکب ہوتا تو علاقے کے معززین اس گھر سے قطع تعلق کر لیتے تھے اور یہ کوشش کی جاتی تھی کہ اس کی اصلاح ہو جائے اور وہ راہ راست پر آ جائے اور بزرگوں کا نام نہ ڈبوئے۔ ایک محلے میں رہتے ہوئے اس گھر سے میل جول ختم تو نہیں ہو سکتا تھا لیکن حتی الوسع کوشش کی جاتی تھی کہ دوری اختیار کی جائے۔ لیکن صد افسوس کہ گزشتہ تین چار دہائیوں میں حالات اور طرز فکر کافی حد تک تبدیل ہو چکا ہے۔ مالی بدعنوانی کو اب معمولی بات سمجھا جاتا ہے اور جو سرکاری ملازم رشوت نہیں لیتا، اس کو بیوقوف تصور کیا جاتا ہے۔ جہاں ہر دور میں کرپشن رہی ہے تو ہر دور میں نیکی اور بھلے لوگ بھی رہے ہیں اور ہمیشہ رہیں گے، یہ بھی قدرت کا اور خالق کا ایک نظام ہے۔

راقم سے بھی ایک مالی اسحاق جو بیچارہ چوتھے سکیل کا ملازم ہے اس نے اپنے دل کا دکھڑا سنایا۔ مالی راقم کے پاس آیا اور کہا کہ صاحب آپ مقتدر شخصیت ہیں، میرا مسئلہ حل کرنے میں مدد کریں۔ میں نے پوچھا بھئی ماجرا کیا ہے۔ وہ بیچارہ ڈوبی آواز اور ڈگمگائی آنکھوں سے مجھے دیکھنے لگا۔ تسلی و تشفی کے بعد بولا صاحب جی میں چوتھے سکیل کا ملازم ہوں۔ میں نے بیس، بائیس، پچیس برسوں میں اپنے ہاتھوں سے بہت سے پودے لگائے، آبیاری کی وہ آج شجر سایہ دار بنے ہوئے ہیں، پر اب مجھے ریٹائرمنٹ کے بعد ایک ایسے مسئلے میں الجھایا جا رہا ہے کہ میری تو سمجھ دانی میں یہ بات ہی نہیں آ رہی۔ میں نے پوچھا کیا ہوا۔ بے چارہ مالی ٹھنڈی آہ بھرتے ہوئے بولا کہ کلرک بابو بولتے ہیں کہ فائل کو پہیے لگا، میں نے پوچھا بابو جی وہ کیسے میں تو چند جماعتیں پڑھا ہوا مالی ہوں مجھ سے تو کھاد اور پودوں کی قسموں کے بارے میں پوچھیں یہ کیا بات کر دی۔

کلرک بابو بولے کہ اگر فائل کو پہیے نہیں لگاگے تو یہ رک جائے گی اور پھر پنشن بھی رک سکتی ہے، دیر ہو جائے گی۔ کچھ دیر بعد میری سمجھ میں آیا کہ وہ کس قسم کے پہیے لگانے کی باتیں کر رہے تھے۔ صاحب جی میں نے صاف جواب دے دیا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ یہ کیا جا رہا ہے کہ میں حاضری ریکارڈ لے کر آں پر وہ کیسے۔۔۔ میں اگر غیر حاضر تھا تو ادارہ بتاتا لیکن میری تو سمجھ بند ہی ہو گئی ہے اس لیے آپ میری مدد کریں۔۔۔ اس کی باتیں سن کر میرا بھی سر چکرا سا گیا اور میں یہ سوچنے پر مجبور ہو گیا کہ یہ سب کچھ ڈی جی پی ایچ اے کی ناک تلے ہو رہا ہے اور وہ بے چارے کی فریاد کو سن ہی نہیں رہے۔

دوستو بدعنوانی ہمارے معاشرے کا ایک ناسور بن چکی ہے اور شائد ہی کوئی شعبہ اور کوئی افسر اس لعنت سے بچا ہو جو غریبوں کی بات سنے اور اس پر عمل درآمد کرے۔ معیار زندگی بڑھانے کے لیے رشوت خوری، ملاوٹ، اکتساد و اکتناز اور منافع خوری جیسی ممنوعات مسلمانوں کی زندگی کا حصہ بن چکی ہیں چونکہ لوگوں کا معیار زندگی بدل چکا ہے۔ اس لیے اسے برقرار رکھنے کے لیے ناجائز اور ممنوع ہتھکنڈے استعمال کیے جا رہے ہیں۔ بدعنوانیوں نے معاشرے میں فروغ پا لیا ہے۔ انتظامیہ کی کارکردگی برح طرح متاثر ہو چکی ہے۔ سرکاری افسروں میں بددیانتی تشویشناک حد تک گھر کر چکی ہے۔ عوام کا حکمران طبقے پر سے اعتماد اٹھ چکا ہے۔ ملک کا کوئی بھی ادارہ فرض شناسی کی بجائے رشوت ستانی اور ناجائز ذرائع سے مال اکٹھا کرنے میں مصروف ہے۔ سرکاری ترقیاتی ادارے ہوں یا پرائیویٹ سیکٹر ہر شعبہ میں سودا بازی اپنے عروج پر ہے کوئی کام بھی بغیر لین دین کے مکمل نہیں ہوتا۔

شوبز SHOWBIZ

شادی کیلئے میرج بیورو تک سے رابطہ کر چکی ہوں: یشما گل کا انکشاف

آن لائن ایک میرج بیورو سے رابطہ کیا تو پہلے تو انہوں نے کہا آپ ویڈیو کال کریں

لاہور (شوبز نیوز) اداکارہ یشما گل نے انکشاف کیا ہے کہ میں شادی کیلئے میرج بیورو تک سے رابطہ کر چکی ہوں، جس نے لڑکا ڈھونڈ کر دینے کیلئے 8 لاکھ مانگ لیے تھے۔ پاکستان شوبز انڈسٹری کی خوبرو اور ابھرتی ہوئی اداکارہ یشما گل نے دنیا نیوز کے مقبول ترین پروگرام "مذاق رات" میں شرکت کی جہاں انہوں نے اپنی اداکاری، کیریئر اور شادی سے متعلق گفتگو کی۔ شو کے دوران اداکارہ نے ایک قصہ شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ آج کل لڑکا ڈھونڈنا بھی کوئی آسان کام نہیں ہے، ایک دن سیٹ پر بیٹھے مجھے خیال آیا۔

زندگی دھوپ، تم گھنا سایا، عروہ کا فرحان کیلئے محبت بھرا پیغام

اداکارہ عروہ نے فرحان سعید کی سالگرہ پر ان کے ہمراہ تصویریں شیئر کی ہیں

لاہور (شوبز نیوز) خوبرو اداکارہ عروہ حسین نے شوہر، اداکار و گلوکار فرحان سعید کی سالگرہ کے موقع پر نئی تصویریں شیئر کی ہیں۔ ایک وقت تھا کہ جب شوبز انڈسٹری کی اس خوبصورت ترین جوڑی کے مداح انہیں ایک ساتھ دیکھنے اور ان کے پھر سے اکٹھے ہو جانے کی خبر کے لیے ترستے تھے۔ اب یہ دونوں فنکار ایک دوسرے کے ساتھ نت نئی خوبصورت تصویریں شیئر کر کے مداحوں کو خوش کرتے رہتے ہیں۔ اداکارہ عروہ نے فرحان سعید کی سالگرہ پر ان کے ہمراہ تصویریں شیئر کی ہیں جن میں دونوں نے سیاہ رنگ کے لباس زیب تن کیے

سپورٹس SPORTS

زخمی فاسٹ باولر نسیم شاہ ایشیاء کپ سے باہر

نسیم شاہ کی جگہ زمان خان کو سکواڈ میں شامل کر لیا گیا ہے

کولمبو (سپورٹس نیوز) قومی ٹیم کے فاسٹ باولر نسیم شاہ زخمی ہونے کے باعث ایشیاء کپ سے باہر ہو گئے ہیں، ان کی جگہ زمان خان کو سکواڈ میں شامل کر لیا گیا ہے۔ سری لنکا کے پریماداسا اسٹیڈیم میں بھارت کے خلاف جاری سپر 4 میچ کے دوران نسیم شاہ انجری کا شکار ہو گئے تھے۔ اپنے سپیل کے آخری اوور کے دوران ایک گیند کو روکنے کی کوشش کے دوران، 20 سالہ تیز گیند باز کی کلائی پر لگی، جس سے وہ فوری طور پر میدان چھوڑ کر چلے گئے۔ پی سی بی کا کہنا ہے کہ نسیم شاہ کندھے کی انجری کا شکار ہیں، ان کی جگہ سکواڈ میں شامل کیے جانے والے زمان خان آج پریکٹس سیشن کا حصہ ہوں گے۔ اس سے قبل حارث رؤف بھی زخمی ہونے کے باعث بھارت کیخلاف ریزورڈے پر نہیں کھیلے تھے۔ پی سی بی نے مزید کہا کہ حارث رؤف کی انجری میں بہتری آ رہی ہے۔ حارث رؤف اور نسیم شاہ کی انجری کے بعد زمان خان اور شاہنواز دھانی کو کولمبو بلا لیا گیا تھا۔ اپنے سپیل کے آخری اوور کے دوران ایک گیند کو روکنے کی کوشش کے دوران، 20 سالہ تیز گیند باز کی کلائی پر لگی، جس سے وہ فوری طور پر میدان چھوڑ کر چلے گئے۔ پی سی بی کا کہنا ہے کہ نسیم شاہ کندھے کی انجری کا شکار ہیں۔

ایشیا کپ: پاک لنکا میچ سے قبل بادلوں اور سورج میں آنکھ مچولی

بارش کے باعث میچ مکمل نہ ہو سکا تو پاکستان ایشیا کپ سے باہر ہو جائے گا

کولمبو (سپورٹس نیوز) ایشیا کپ کے فائنل میں کون بھارت سے ٹکرائے گا، فیصلہ آج پاکستان اور سری لنکا کے میچ میں ہو جائے گا، میچ سے قبل کولمبو میں بادلوں اور سورج کے درمیان آنکھ مچولی کا سلسلہ جاری ہے۔ رات سے ہونے والی بارش کا سلسلہ ابھی تھم گیا ہے جبکہ آسمان پر بادل چھائے ہوئے ہیں اور تیز ہوائیں چل رہی ہیں۔ سری لنکا کے محکمہ موسمیات نے آج کولمبو میں وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری رہنے کی پیش گوئی کی ہے، تین مختلف اوقات میں موسلادھار بارش کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ بارش کے باعث میچ مکمل نہ ہو سکا تو پاکستان ایشیا کپ سے باہر ہو جائے گا جبکہ بھارت اور سری لنکا فائنل کھیلیں گے۔

افغانستان نے ورلڈ کپ کیلئے 15 رکنی سکواڈ کا اعلان کر دیا

کابل (سپورٹس نیوز) افغانستان نے آئی سی سی کرکٹ ورلڈ کپ کیلئے 15 رکنی سکواڈ کا اعلان کر دیا۔ افغانستان کرکٹ بورڈ نے اپنے آفیشل سوشل میڈیا اکانٹ پر بیان جاری کرتے ہوئے رواں سال بھارت میں ہونے والے آئی سی سی ون ڈے ورلڈ کپ کے لیے سکواڈ کا اعلان کیا، حشمت اللہ شاہدی افغان ٹیم کی قیادت کریں گے۔ دیگر کھلاڑیوں میں رحمان اللہ گرباز، ابراہیم زدران، ریاض حسن، رحمت شاہ، نجیب اللہ زدران، محمد نبی، اکرام علی خیل، عظمت اللہ عمرزئی، راشد خان، مجیب الرحمان، نور احمد، فضل الحق فاروقی، عبدالرحمان اور نوین الحق شامل ہیں۔ اس کے علاوہ گلبدین نائب، شراف الدین اشرف اور فرید احمد کو ریزرو کھلاڑیوں میں رکھا گیا ہے۔ واضح رہے کہ آئی سی سی ون ڈے ورلڈ کپ رواں سال اکتوبر میں بھارت میں کھیلا جائے گا، ایونٹ کا آغاز 5 اکتوبر سے دفاعی چیمپئن انگلینڈ اور فائنلسٹ نیوزی لینڈ کے درمیان احمد آباد میں ہوگا۔

نسیم شاہ کی انجری ٹیم کیلئے بڑا دھچکا ہے: بولنگ کوچ مورنی مورکل

کولمبو (سپورٹس نیوز) قومی کرکٹ ٹیم کے بولنگ کوچ مورنی مورکل نے کہا کہ نسیم شاہ کی انجری ہمارے لیے ایک بڑا دھچکا ہے۔ قومی کرکٹ ٹیم کے بولنگ کوچ مورنی مورکل نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ فاسٹ بولرز کو فٹنس کے مسائل ہوئے ہیں جو ٹیم کیلئے بڑا دھچکا ہے، دوسرے بولرز کے لیے موقع ہے کہ وہ اس سے فائدہ اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ شاہین آفریدی ورلڈ کلاس بولر ہے اس کی موجودگی سے میں خوش ہوں۔ شاہین آفریدی ڈسپلن کے ساتھ بولنگ کرنے والا بولر ہے، بھارت کے خلاف میچ میں ہمارا پلان تھا۔

کیریبین لیگ: صائم کی لگاتار تیسری ففٹی، ٹورنامنٹ کے ٹاپ سکورر بن گئے

بارباڈوس (سپورٹس نیوز) کیریبین پریمیئر لیگ) سی پی ایل (میں پاکستان کے صائم ایوب کی شاندار بیٹنگ نے مداحوں کے دلوں کو ایک بار پھر جیت لیا۔ گیانا ایمیزون واریئرز سے کھیلتے ہوئے صائم ایوب نے جمیکا تھلاواز کیخلاف نصف سنچری بنائی، 53 گیندوں پر 85 رنز بنا کر صائم ایوب مین آف دی میچ قرار پائے۔ نوجوان اوپننگ بیٹر صائم ایوب کی اننگ میں 5 چھکے اور 5 چوکے شامل تھے جب کہ یہ سی پی ایل میں صائم ایوب کی مسلسل تیسری ففٹی ہے۔ صائم ایوب نے اس سے قبل بارباڈوس رائلز اور ٹرینیگو نائٹ رائیڈرز کیخلاف بھی ففٹیاں سکور کی تھیں۔

ایشیا کپ: فاسٹ بالر شاہنواز دھانی کولمبو پہنچ گئے

جبکہ فاسٹ بالر نسیم شاہ آج وطن واپس روانہ ہو جائیں گے

کولمبو (سپورٹس نیوز) ایشیا کپ کے لیے قومی کرکٹ ٹیم کے سکواڈ کو جوائن کرنے کے لیے فاسٹ بالر شاہنواز دھانی کولمبو پہنچ گئے۔ شاہنواز دھانی نے کولمبو میں ٹیم کو جوائن کر لیا ہے جبکہ فاسٹ بالر نسیم شاہ آج وطن واپس روانہ ہو جائیں گے، شاہنواز دھانی کو بیک اپ بالر کے طور طلب کیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ قومی فاسٹ بالر شاہنواز دھانی آج سری لنکا کے خلاف شیڈول میچ میں پاکستان کرکٹ ٹیم کا حصہ نہیں ہوں گے۔ ایشیا کپ کے لیے قومی کرکٹ ٹیم کے سکواڈ کو جوائن کرنے کے لیے فاسٹ بالر شاہنواز دھانی کولمبو پہنچ گئے۔ شاہنواز دھانی نے کولمبو میں ٹیم کو جوائن کر لیا ہے جبکہ فاسٹ بالر نسیم شاہ آج وطن واپس روانہ ہو جائیں گے، شاہنواز دھانی کو بیک اپ بالر کے طور طلب کیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ قومی فاسٹ بالر شاہنواز دھانی آج سری لنکا کے خلاف شیڈول میچ میں پاکستان کرکٹ ٹیم کا حصہ نہیں ہوں گے۔

حکومتِ پنجاب کا انقلابی قدم
اب گاؤں چمکیں گے
پروگرام
وزیر اعلیٰ پنجاب
کی زیرِ قیادت
پنجاب کی تاریخ میں پہلی بار
صوبہ بھر کے دیہی علاقوں میں صفائی ستھرائی اور بیماریوں سے بچاؤ کے لیے
منتخب 2468
دیہی یونین کونسلز
کو با اختیار بنانے کا منصوبہ
ہر گھر سے کوڑا اٹھانے اور ٹھکانے لگانے کیلئے فی یونین کونسل ضروری مشینری کی فراہمی
ہر یونین کونسل میں 3 سینٹری ورکرز کی تعیناتی
مقامی افراد کی مشاورت سے کوڑا تلف کرنے کے مقامات کی نشاندہی
گلیوں و نالیوں کی باقاعدگی سے صفائی
ہر گاؤں میں ایک ایک چوکیدار کی تعیناتی
مقامی افراد پر مشتمل ویلیج کمیٹیوں کی تشکیل
انتظامی کمیٹی کے ممبران کی تسلی بخش کارکردگی پر مراعات کی فراہمی
دیہی یونین کونسل کی سطح پر برتھ، ڈیتھ، میرج اور طلاق کے اندراج کا نظام مزید مؤثر
لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ، حکومت پنجاب
@lgcddpunjab
/lgcdpunjab/
www.lgcd.punjab.gov.pk
SPL#1373

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
15 اور 16 ستمبر 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 15 ستمبر 2023، صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، راولپنڈی کینٹ سرکل، اولڈ روات، نیو روات، سی ڈبلیو او، اے او ڈبلیو ایچ ایس، سپارکو فیڈرز، مورخہ 16 ستمبر 2023، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، I-8/4، سروس روڈ، مسلم ٹاؤن، ایف ایچ ایس فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، اسلام آباد فیڈر مل، جھٹہ ہتھیال، بسالی، پنڈ جاتلہ، لیب-I&II، انڈسٹریل، ریلائنس ویونگ مل، بھل، جرار کیمپ فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، ذیشان کالونی، این آر سی، جناح کیمپ، کے آر ایل، بجنیال، چاکرہ، عزیز آباد، پیپلز کالونی، پنڈ ہون، I-14/3، نون، I-16/1، ایچ پی ٹی ریڈیو پاک، لکھوروڑ، امیر حمزہ، آفیسر کالونی فیڈرز، اٹک سرکل، پی ایم ہاؤسنگ کالونی، ائر یونیورسٹی فیڈرز، چکوال سرکل، بشارت فیڈر، جہلم سرکل، شااللہ، ایف تھری گل افشاں، گرمالہ، شاہ سفیر فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

سے رجوع کرنے کے آرٹیکل 184/3 کے تقاضے پورے نہیں کیے گئے۔ پی ٹی آئی نے وکیل علی ظفر کے توسط سے درخواست دائر کی تھی، درخواست میں 90 روز میں انتخابات کرانے اور مشترکہ مفادات کونسل کا فیصلہ کالعدم قرار دینے کی استدعا کی گئی تھی۔

بقیہ 2

وریلویز شاہد اشرف تارڑ نے شرکت کی، اجلاس میں وزارت داخلہ، وزارت قانون اور دیگر اداروں کے افسروں نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں ای سی ایل سے متعلق مختلف نوعیت کے کیسز کا جائزہ لیا گیا، ذیلی کمیٹی نے مختلف محکموں اور ایجنسیوں کی طرف سے بھیجے جانے والے 17 افراد کے نام ای سی ایل میں ڈالنے کی سفارش کی، 7 مختلف نوعیت کے کیسز کو ای سی ایل سے نکالنے کی بھی سفارش کی گئی۔ اجلاس میں نظرثانی کے لئے پیش کی گئی اپیلوں میں سے 5 افراد کے نام ای سی ایل سے نکالنے کی سفارش کی گئی، ذیلی کمیٹی کی سفارشات حتمی منظوری کے لئے نگران وفاقی کابینہ کو ارسال کی جائیں گی۔

بقیہ 3

لمیٹی کے اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شازیہ مری نے کہا کہ سی ای سی میٹنگ میں الیکشن سے متعلق غور کیا گیا، سی ای سی میٹنگ تاحال جاری ہے، میٹنگ میں آرا آرہی ہیں، سی ای سی میں اراکین اپنی رائے دیتے ہیں، کل سی ای سی میٹنگ کے حوالے سے کل مفصل پریس کانفرنس کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شازیہ مری نے کہا کہ صدر کے پاس الیکشن کی تاریخ کے اعلان کا اختیار نہیں ہے، خط لکھ کر الیکشن کے حوالے سے کنفیوژن پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی سی ای سی کا اجلاس گزشتہ اجلاس کا تسلسل ہے، سی ای سی کل بھی جاری رہے گی، اجلاس میں تمام ارکان کے نکتہ نظر پیش ہونے کے بعد قیادت کوئی فیصلہ کرے گی، ہم الیکشن چاہتے ہیں تاکہ بے یقینی کی صورت حال سے نکل جائیں۔ شازیہ مری نے کہا کہ ملک میں الیکشن ہم آہنگی کے ساتھ ہونا چاہیے، اس بحث میں نہیں پڑنا چاہتی کہ حکومت میں شوگر اور سکیورٹی کے معاملات کس کے پاس تھے، ہم کوئی ضد نہیں کر رہے، حلقہ بندیاں بیشک کریں لیکن الیکشن جلد کرائیں، تاج حیدر نے الیکشن کمیشن کو خط لکھا ہے، ٹرانسفر، پوسٹنگ کیسے ہو رہی ہے، ملک کو آئین و قانون کے مطابق چلایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) (الزام تراشی کرتی رہے پارٹی کا فیصلہ ہوگا کس سطح پر) ن (لیگ سے ڈیل کرنا ہے، پیپلز پارٹی کسی صوبے میں کمزور نہیں، لیول پلینگ فیلڈ ملنی چاہیے، ہمیں لیول پلینگ فیلڈ دی جائے گی تو پھر منشور پر بات کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سابق وفاقی وزیر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ لطیف کھوسہ کو نوٹس دیا گیا ہے، آج کے اجلاس میں لطیف کھوسہ، اعتزاز احسن کو دعوت دی تھی، اسلام آباد میں مصروفیت کی وجہ سے آج دونوں اجلاس میں نہیں آسکے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ سندھ میں سیلاب متاثرین، ترقیاتی کاموں کے فنڈز روک دیئے گئے ہیں، صرف سندھ میں ترقیاتی کاموں پر پابندی ہے باقی صوبوں میں نہیں ہے، پنجاب، کے پی کے میں ٹرانسفر، پوسٹنگ اور تقرریاں بھی ہو رہی ہیں، سندھ میں ٹرانسفر، پوسٹنگ پر پابندی ہے، پیپلز پارٹی کے دوستوں کو اس حوالے سے تحفظات ہیں۔

بقیہ 4

،نواز شریف حکومت انرجی کے نئے پلانٹس لے کر آئی، نواز شریف حکومت نے ملک کو اندھیروں سے نکالا، انرجی بحران پر قابو پایا تو ملکی صنعت کا پہیہ چلنے لگا۔ انہوں نے کہا کہ توانائی پر 2013 سے 2018 کے دوران نیٹ میٹرنگ لائی گئی، نواز شریف دور کے توانائی کے منصوبوں میں کوئی کرپشن نہیں ملتی تھی۔ گورنر پنجاب کا مزید کہنا تھا کہ توانائی ہر ملک کے لئے اہم ضرورت ہے، انڈسٹری کے لئے توانائی کی سخت ضرورت ہوتی ہے، کول انرجی سستی توانائی ہے، جس کے میدان میں انڈونیشیا اور ملائیشیا بھی آرہے ہیں۔

بقیہ 5

رہے ہیں، بچگور اور نوشکی میں جو حملے ہوئے ان میں بھی یہی اسلحہ استعمال ہوا۔ انہوں نے کہا کہ جن افغان مہاجرین کے پاس ویزا یا دستاویز نہیں انہیں فوری واپس بھیجیں گے، کچھ لوگوں نے ہماری فیملی ٹری میں گھس کر شناختی کارڈ بنائے، ایسے لوگوں کا پتا لگانے کے لئے مشق چل رہی ہے۔

بقیہ 6

ہے۔ جمعرات کو سندھ ہائی کورٹ میں شہری کی جانب سے بجلی کا زائد بل بھیجنے کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی۔ ناظم آباد کے شہری نے عدالت میں موقف پیش کیا کہ کے الیکٹرک کی جانب سے ناجائز بل بھیجا گیا، ہائیڈرنٹ چلانے کے جھوٹے الزام میں 12 لاکھ کا بل بھیجا گیا۔ عدالت نے درخواست گزار سے استفسار کیا کہ تو کیا آپ ہائیڈرنٹس چلاتے ہیں۔ جس پر درخواست گزار نے کہا کہ نہیں جج صاحب میں ایک رہائشی گھر میں رہتا ہوں۔ عدالت نے کہا کہ گھر کی تصاویر ہیں تو دکھائیں۔ جس پر درخواست گزار نے کہا کہ گھر کی تصاویر اس وقت موجود نہیں ہیں، بل ادا نہ کرنے کی صورت میں بجلی بھی منقطع کردی گئی ہے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ آپ نے کے الیکٹرک کے آفس سے رجوع کیا۔ جس پر شہری نے بتایا کہ میں کے الیکٹرک کے دفتر گیا، تو انہوں نے بل 12 لاکھ سے 8 لاکھ کر دیا۔ عدالت نے استفسار کیا کہ آپ ابھی کیا چاہتے ہیں۔ جس پر شہری نے کہا کہ میں چاہتا ہوں کیس میں اسٹے آرڈر دیا جائے۔ جس پر عدالت نے حکم دیا کہ آپ ابھی موجودہ بل ادا کریں۔ عدالت نے کے الیکٹرک اور نیپرا حکام کو نوٹس جاری کردیئے، اور فریقین سے 20 ستمبر تک تحریری جواب طلب کرتے ہوئے سماعت ملتوی کردی۔

بقیہ 7

مہ کمیٹی نے اظہار برہمی کیا۔ کمیٹی نے چیئرمین نیپرا اور ممبران کو فوری طور پر اجلاس میں طلب کرلیا۔ چیئرمین کمیٹی سینیٹر سیف اللہ ابڑو نے کہا کہ وسیم مختار کو چیئرمین نیپرا ہم نے لگایا وسیم مختار کو رہنا ہے تو اجلاس میں شرکت کیا کریں۔ سینیٹر بہرہ مند تنگی نے کہا کہ بجلی چوری کے خلاف کریک ڈاؤن کو سپورٹ کرتے ہیں، پہلی دفعہ ہم نے میٹر کی فراہمی اور ریکوری کے لیے کچھ ہوتے دیکھا ہے۔ ایڈیشنل سیکرٹری پاور ڈویژن نے کہا کہ بجلی کے خلاف کریک ڈاؤن 7 ستمبر کو شروع کیا گیا، ڈسکوز کو کہا گیا کہ 589 ارب روپے کی ریکوری کے لیے سخت اقدامات کریں، چار دن تو ڈسکوز کی کارکردگی مایوس کن تھی صرف اڑھائی کروڑ کی ریکوری ہوئی جس پر ڈسکوز کے خلاف ایکشن لیا گیا پھر تین دن میں ریکوری بڑھ کر ایک ارب روپے ہوگئی۔ ایڈیشنل سیکریٹری پاور ڈویژن نے کہا کہ پیسکو کے چیف ایگزیکٹو کو کل عہدے سے ہٹایا گیا وہ ریکوری بڑھانے میں ناکام رہے، آئیسکو کے 8 افسران معطل کیے گئے، سکھر کے ایک افسر کو کرپشن پر ایف آئی اے کے حوالے کیا گیا۔ چیئرمین کمیٹی سیف اللہ ابڑو نے کہا کہ چلیں ایک کرپٹ افسر تو پکڑا گیا، وزارت پہلے کیوں سوئی ہوئی تھی اس تباہی کا کون ذمہ دار ہے، پانچ سال میں اندھے بورڈ لگانے والا کون تھا اس کا ذمہ دار وفاقی سیکریٹری پاور ہے، سیکریٹری پاور میں جرا?ت نہیں کہ اس اجلاس میں آکر تفصیلات بتائے، تبدیلی تو سیکریٹری کی ہونی چاہیے جس نے اتنا عرصہ بگاڑ کو کیوں نہیں روکا

بقیہ 8

ایک بڑی کارروائی میں مردان کے علاقے میں گیس کا پانچ کلومیٹر طویل غیر قانونی نیٹ ورک پکڑا گیا جسے ریجنل ٹیم نے منقطع کردیا۔ دوسری جانب لاہور میں بیدیاں روڈ پر فارم ہاس میں گیس کا غیر قانونی کنکشن منقطع کردیا گیا۔ لاہور میں ہی یو ایف جی ٹاسک فورس نے کارروائی کرتے ہوئے تجارتی مقاصد کے لیے گھریلو کنکشن کے استعمال پر گیس کنکشن منقطع کردیے۔ دیگر کارروائیوں میں سوئی ناردرن گیس نے پشاور میں گیس کے براہ راست استعمال، غیر قانونی کنکشن پر مجموعی طور پر 30 کنکشن منقطع کیے جانے کے علاوہ گیس چوری 14 لاکھ سے زائد رقم بک کی۔ راولپنڈی میں ریجنل ٹیم نے 11 گیس کنکشن منقطع کرنے کے علاوہ 277،000 کی رقم بک کی۔ مردان میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر بیس گیس کنکشن منقطع کیے جانے کے علاوہ گیس چوری کی مد میں 360،000 روپے کی رقم بک کر دی گئی۔ سیالکوٹ میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 21 گیس کنکشن منقطع کیے گئے۔ سرگودھا میں گیس میٹر کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کرنے پر 2 جبکہ غیر قانونی استعمال پر گیارہ کنکشن منقطع کردیے گئے۔ گوجرانوالہ میں ریجنل ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے 21 گیس کنکشن منقطع کرنے کے علاوہ گیس چوری کی مد میں ڈیڑھ لاکھ سے زائد رقم بک کردی۔ گیس کے غیر قانونی استعمال پر گجرات میں کارروائیوں کے دوران 7 صارفین جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 2 صارفین کے گیس کنکشن منقطع کردیے گئے۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں گیس کے براہ راست استعمال پر چھ کنکشن منقطع کردیے گئے۔ ساہیوال میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر پانچ کنکشن منقطع کیے جانے کے علاوہ گیس چوری پر 20 ہزار سے زائد رقم بک کردی گئی۔ فیصل آباد میں ریجنل ٹیم نے کریک ڈاؤن کے دوران 23 کنکشن منقطع کرنے کے علاوہ گیس چوری کی مد میں 140،000 روپے بھی بک کر لیے۔ لاہور میں کمپریسر کے استعمال پر دو جبکہ گیس کے غیر قانونی استعمال پر گیارہ کنکشن منقطع کردیے گئے۔ بہاولپور میں ریجنل ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے کمپریسر کے استعمال پر 22 جبکہ گیس کے غیر قانونی استعمال پر تین کنکشن منقطع کردیے۔ ملتان میں ریجنل ٹیم نے 27 گیس کنکشن منقطع کیے۔ شیخوپورہ میں کمپریسر استعمال کرنے والے دو صارفین کے علاوہ پندرہ گیس کنکشن منقطع کیے گئے۔

بقیہ 9

مطابق سیکیورٹی فراہم کردی گئی۔ سولہ ستمبر کو ریٹائر ہونے والے چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال نے ججز کالونی میں چیف جسٹس ہاؤس خالی کردیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق چیف جسٹس ریٹائرڈ ججوں کے لیے مختص گھر میں منتقل ہوگئے ہیں

بقیہ 10

کلیام اعوان نے خصوصی شرکت کی دیگر شرکا میں محمد نبیل افضل قادری، راجہ علی اصغر، سہیل بٹ، ملک محمد منیر، چوہدری یاسر، اللہ دتہ چوہدری وغیرہ شامل ہیں یو کے آنے پر سجادہ نشین آستانہ عالیہ دیوان حضوری جناب صاحبزادہ عرفان احمد شاہ زیب نے ملک راشد محمود اعوان ایڈووکیٹ کو خصوصی دعوت دی اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ملک راشد اعوان ایڈووکیٹ نے کہا کہ معاشرے کے اندر نوجوان بے راہ روی کا شکار ہے۔ جس کی روحانی تعلیم اشد ضروری ہے تمام خرابیاں قران اور سنت رسول سے دوری کی وجہ سے پیدا ہو رہی ہیں اور ایسے نازک حالات میں اور صورتحال میں علما کا کردار معاشرے کے اندر اشد ضروری ہے سجادہ نشین آستانہ عالیہ دیوان حضوری جناب عرفان شاہ نے ملک راشد محمود اعوان ایڈووکیٹ اور دیگر شرکا کا خصوصی شکریہ ادا کیا

بقیہ 11

ٹرانزٹ ٹریڈ معاہدے پر پاکستان کئی سال سے عمل پیرا ہے اور پاکستان نے اپنے پڑوسی ملک کی مدد کیلئے نیک نیتی سے معاہدے پر عمل کیا، مگر اس معاہدے کے غلط استعمال پر پاکستان کو شدید تشویش ہے۔ ممتاز زہرا بلوچ نے کہا کہ پاکستان کو افغانستان سے لاحق خطرات پر تشویش ہے، چترال سمیت دیگر جگہوں پر افغانستان سے دہشت گردانہ حملے ہوئے، افغانستان کی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہو رہی ہے، پاکستان حالات کا جائزہ لے کر ہی طورخم سرحد کھولنے کا فیصلہ کرے گا۔ انہوں نے امریکی سفیر کے دورہ گوادر کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہم سی پیک کے تحت تھرڈ پارٹی سرمایہ کاری کا خیر مقدم کریں گے۔

بقیہ 12

کی واپسی بحرانوں میں گھرے پاکستان کیلئے طلوع سحر ہے، پاکستان کا بیٹا ایک بار پھر قوم کو مشکلات سے نکالنے کیلئے آرہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ نواز شریف قوم کو مہنگائی، معاشی بدحالی سے نجات دلانے آرہا ہے، ملک کو انتقام نہیں بلکہ اتحاد، امن، معاشی ترقی اور مہنگائی سے نجات کا ایجنڈا چاہیے۔ چیف آرگنائزر مسلم لیگ ن کا مزید کہنا تھا کہ عوام نواز شریف کو دو تہائی سے زیادہ مینڈیٹ دیں، وعدہ ہے معاشی بدحالی، مہنگائی، بیروزگاری کے اندھیرے ختم کردیں گے، نواز شریف نے عوام سے کیا ہر وعدہ ہمیشہ پورا کیا۔

بقیہ 13

ان کو پابند سلاسل کر دیا پولیس تھانہ گوجرخان کی اس کارروائی پر ایس پی صدر نے پولیس تھانہ گوجرخان کو شاباش دی اور انکی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں تیز کی جائیں منشیات معاشرے میں دیگر برائیوں کو جنم دیتی ہے جس سے نوجوان نسل بے راہ روی کا شکار ہوتی ہے ایسا گھناونا کاروبار کرنے والے کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ گوجرخان اکبر عباس کی زیرنگرانی اے ایس آئی راجہ زبیر نے دو ملزمان کو منشیات سمیت گرفتار کیا دونوں ملزمان سے چرس باوزن 500 گرام اور دوسرے ملزم سے 520 گرام برآمد کر کے دونوں ملزمان کے خلاف منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے انکو پابند سلاسل کر دیا ایس ایچ او تھانہ گوجرخان نے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے سزا یاب کروایا جائے گا منشیات فروشوں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 14

اسٹیٹ بینک نے نئی مانیٹری پالیسی جاری کردی جس میں شرح سود میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا ہے۔ اسٹیٹ بینک نے اگلے دو ماہ کے لیے شرح سود کو 22 فیصد کی سطح پر برقرار رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ دشوار مالی حالت میں بتدریج بہتری آرہی ہے، اسٹاک مارکیٹ سے اچھی خبریں مل رہی ہیں، ڈالر کی قدر میں کمی اور روپے کی قدر میں بہتری آئی ہے اسی طرح آج اسٹیٹ بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کے منعقد کیے گئے اجلاس میں سب سے زیادہ مہنگائی پر غور کیا گیا جو اس وقت عوام کا سب سے بڑا مسئلہ ہے۔ مانیٹری پالیسی نے عوام کو یہ اچھی خبر دی ہے کہ آنے والے مہینوں میں مہنگائی میں کمی آئے گی، ماہ اکتوبر سے مہنگائی میں کمی کے واضح اثرات سامنے آنا شروع ہوں گے، ڈالر، چینی اور اجناس کی ذخیرہ اندوزی کے خلاف کیے گئے کریک ڈاؤن سے معیشت پر مثبت اثر پڑا ہے، وہ مہنگائی جو مئی میں 38 فیصد کی بلند ترین سطح پر تھی وہ اگست تک کم ہو کر 27.4 فیصد تک آچکی ہے اس لیے آج مانیٹری پالیسی کمیٹی نے شرح سود کو بڑھانے کے بجائے 22 فیصد پر برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ کمیٹی کا یہ بھی کہنا ہے کہ رواں مالی سال کے اختتام تک مہنگائی کم ہوگی اور مالی سال 2024-25 کے اختتام تک مہنگائی کی شرح 5 سے 7 فیصد کے درمیان آجائے گی، کمیٹی نے اس ہدف کو حاصل کرنے کے لیے اقدامات اٹھانے کے عزم کا بھی اظہار کیا ہے، کمیٹی مہنگائی میں کمی کے لیے اقدامات کرے گی جسے حکومتی فیصلوں سے سپورٹ مل رہی ہے

بقیہ 15

کو ریفرنس واپس نیب کو بھیجنے کا فیصلہ دیا تھا۔ ڈاکٹر عاصم و دیگر کے خلاف گیس کے ٹھیکوں کی مد میں 17 ارب روپے کی کرپشن کا الزام ہے۔ نیب قوانین میں ترمیم کے بعد ملزمان نے سندھ ہائی کورٹ سے رجوع کیا تھا۔

بقیہ 16

اور محکمہ ہائرایجوکیشن کے اشتراک سے گرمیوں کے چھٹیوں کے دوران سمر سکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ سمر سکلو کیمپ میں سرکاری سکولوں اور کالجوں کے طلبہ وطالبات کو 14 مختلف ٹریڈز میں ٹیوٹا کے 27 اداروں میں تین ماہ کے شارٹ کورسز مفت کروائے گئے۔ سمر سکل کیمپ میں سرکاری سکولوں اور کالجوں کے 1900 طلبہ و طالبات نے حصہ لیا۔ سمر سکل کیمپ کے بعد ہونے والے امتحانات میں کامیابی کا تناسب 94 فیصد رہا۔ صوبائی وزراء نے پوزیشن ہولڈرز میں نقد انعامات، کٹس اور اسناد تقسیم کیں اور پوزیشن ہولڈرز کو مبارکباد دی۔

بقیہ 17

امرائے زون، نامزد امیدوان قومی وصوبائی اور مقامی راہنما کریں گے۔ پی پی 111 کی رانا سکندر اعظم، اسامہ سعید اعوان، پی پی 110 نعمان احسن ملک، ڈاکٹر خالد فخر، پی پی 112 چوہدری محمد سلیم، شیخ محمد مشتاق، اجمل حسین بدرر، پی پی 113 ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی، عبدالستار بیگا، پی پی 114 میاں منیر احمد، ڈاکٹر سعید آفتاب، پی پی 105 ثاقب فاروق بٹ، پی پی 106 شیخ عمیر مختار، پی پی 115 طہ خان، عتیق الرحمان، پی پی 116 ملک عبدالجبار، رانا عدنان خان، پی پی 117 ملک معراج الدین، افضال شاہین، پی پی 109 امجد قیوم پراچہ، پی پی 107 رانا اکرام اللہ خان، پی پی 108 ذفرادریس، عرفان لیسین کریں گے۔ جماعت اسلامی کے ضلعی امیر پروفیسر محبوب الزماں بٹ نے شہریوں سے اپیل کی ہے بلاکسی سیاسی تفریق ہر شہری جلسہ میں شریک ہو کہ آئی ایم کے غلام حکمرانوں کو پتہ چل سکے کہ قوم آئی ایم ایف کی غلامی کو قبول نہیں کرے گی

بقیہ 18

آئین کے مطابق مردم شماری کا نوٹیفکیشن ہونے کے بعد نئی حلقہ بندیاں ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب تک نئی حلقہ بندیاں نہیں ہوں گی انتخابات ممکن نہیں۔ صدر کا انتخابات کی تاریخ دینا مزید آئینی بحران پیدا کرنے کے مترادف ہے۔ سربراہ پی ٹی آئی پی نے کہا کہ صدر عارف علوی نے اپنے اختیارات سے تجاوز کیا، انتخابات کی تاریخ دینا الیکشن کمیشن کا کام ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ الیکشن کمیشن انتخابات نئی حلقہ بندیوں کے مطابق کروائے

بقیہ 19

ہوابازی کے شعبوں سمیت دوطرفہ عسکری تعاون کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا جبکہ آذربائیجان کے سفیر کی پاک فضائیہ کی جانب سے منعقد کی جانے والی بین الاقوامی فضائی مشق میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا گیا۔ سربراہ پاک فضائیہ کا کہنا تھا کہ پاکستان اور آذربائیجان کے مابین روابط، باہمی تجربات، پائیدار مذہبی، ثقافتی اور تاریخی بنیادوں پر استوار ہیں، خضر فرہادوف نے کہا کہ امن وجنگ ہر قسم کے حالات میں پاک فضائیہ کے اہلکاروں کی تاریخی اور پیشہ ورانہ مہارت قابل تحسین ہے۔

بقیہ 20

،راولپنڈی پولیس نے آپریشن کے دوران نشے کے عادی لاوارث افراد کو تلاش کر کے ہسپتال بھجوایا، منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں کے ساتھ ساتھ نشے کے عادی افراد کے علاج کے لیے بھی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، نشے کی لعنت میں مبتلا افراد کو علاج کے بعد معاشرے کا کارآمد حصہ بنایا جا سکتا ہے، وزیر اعلی کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے خلاف جاری کریک داؤن کے دوران اب تک بڑے بڑے منشیات فروشوں سمیت 382 منشیات فروشوں کو گرفتار کیا جا چکا ہے، ملزمان سے کریک داؤن کے دوران ساڑھے 80 من سے زائد چرس، 03 کلو سے زائد ہیروئن، 1000 لیٹر سے زائد شراب اور آئس برآمد کی، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جارہے ہیں

بقیہ 21

عدم گرفتاری پر ملک برادری نیپر لیس کلب ڈگری کیمپ احتجاجی مظاہرہ کیا اس موقع پر افضل ملک، باسط ملک اور دیگر نے کہا کہ ایک تو ہمارے بھتیجے کو اجتماعی زیادتی کی گئی پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کیا لیکن واقعے کا دوسرا ملزم امام بخش برحمانی کو نہ تو گرفتار کیا اور نہ ہی اسلحہ برآمد کیا ملزم سرعام گھوم رہا ہے جبکہ ہمیں دھمکیاں دی جا رہی ہیں مظاہرین نے کہا کہ ڈگری پولیس کے ڈی ایس پی اور ایس ایچ او ہمارے ساتھ تعاون نہیں کر رہے ہیں ملزم کو گرفتار نہیں کیا جا رہا ہمیں خدشہ ہے کہ میڈیکل رپورٹ بھی کہیں تبدیل نہ کردی جائے مظاہرین کا کہنا تھا کہ ڈگری میں معصوم بچوں کے ساتھ بدفعلی کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے لیکن عزت کی خاطر وہ خاموش ہو جاتے ہیں انہوں نے اعلی حکام فوج عدلیہ اور ڈی آئی جی میرپور خاص ایس ایس پی میرپور خاص سے اپیل کی ہیکہ ہمارے ساتھ انصاف کیا جائے اور اجتماعی زیادتی میں ملوث مقدمے میں ملوث نامزد ملزم کو فوری گرفتار کیا جائے اگر 24 گھنٹوں میں گرفتار نہ کیا گیا تو ہم خواتین کے ہمراہ دھرنا دیں گے

بقیہ 22

۔انہوں نے مزید کہا کہ الیکشن میں عوام (ن) لیگ اور اتحادیوں سے مہنگائی اور اپنی رسوائی کا حساب ضرور لیں گے۔ واضح رہے کہ مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے پارٹی قائد نواز شریف کی 21 اکتوبر کو وطن واپسی کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ نواز شریف لاہور پہنچیں گے جہاں پورا پاکستان ان کا فقید المثال استقبال کرے گا۔

بقیہ 23

دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ عدالت الیکشن ایکٹ میں ترمیم کو غیر آئینی قرار دے، آئین کے تحت اسمبلی کی مدت 5 برس ہے۔ یاد رہے کہ چند روز قبل ملک بھر میں عام انتخابات کی تاریخ پر وزارت قانون وانصاف اور الیکشن کمیشن نے صدر مملکت کو خط میں کہا تھا کہ انتخابات کی تاریخ دینے کا اختیار الیکشن کمیشن کے پاس ہے۔ دوسری جانب گزشتہ روز صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے الیکشن کمیشن ملک بھر میں بیک وقت 9 نومبر کو انتخابات کرانے کی تجویز دے دی ہے۔

بقیہ 24

ریذیڈنشیا، پارک زمین ٹاؤن، الحرم سٹی، دانیال الحرم بلاک، تعمیر گارڈن، خان بلڈرز، منان سٹی، ملٹی گارڈن فیز II -، فیصل ٹاؤن فیز II اور کیپٹل سمارٹ سٹی ایکسٹینشن نامی غیر قانونی ہاسنگ سکیموں کے دفاتر، مین گیٹس، ڈیوائیڈرز، بل بورڈز اور روڈ انفراسٹرکچر کو مسمار اور سربمہر کر دیا۔ ٹاسک فورس کے سربراہ وڈی جی آر ڈی اے نے کہا عوام الناس کی شکایات پر غیر قانونی ہاسنگ سکیموں کی دھوکہ دہی، شہریوں کو ورغلا کی لوٹ مار اور جعلسازی کو روکنے کے لئے گرینڈ آپریشن کیا گیا جس کا تسلسل قائم رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی جانب سے غیر قانونی ہاسنگ سکیموں کے مالکان پر ناجائز قبضوں کی شکایات ہیں۔ سربراہ ٹاسک فورس وڈی جی آر ڈی اے محمد سیف انور جپہ نے کہا کہ جن ہاسنگ سکیموں کے مالکان نے قانونی کاغذات پورے کئے ہیں انہیں پراسس دیا ہے اور آر ڈی اے وقتاً فوقتاً عوام الناس کے معلومات کے لیے پریس ریلیز جاری کرتا رہتا ہے کہ وہ غیر قانونی ہاسنگ سکیموں میں اپنا سرمایہ نہ لگائیں اور آر ڈی اے ویب سائٹ www.rda.gop.pk پر دیکھیں۔ انہوں نے متنبہ کیا کہ صرف منظور شدہ ہاوسنگ سکیموں سے خرید وفروخت کریں۔ حکام کے مطابق غیر قانونی ہاسنگ سکیموں کے مالکان وسپانسرز سید نیئر رضا، مسٹر اسامہ عباسی، راجہ شعیب تنویر، راجہ رضوان چراغ، شیخ افتخار احمد عادل، جناب عبدالمنان قدسی، جناب شاہد رضا کو غیر قانونی اشتہارات، بکنگ اور ڈویلپمنٹ کی وجہ سے پیشگی نوٹس جاری کئے گئے تھے۔ ٹاسک فورس بشمول ڈپٹی ڈائریکٹر پلاننگ سمیع اللہ نیازی، ایس پی صدر نبیل کھوکھر، اے ایس پی زینب ایوب، اسسٹنٹ ڈائریکٹر بلڈنگ کنٹرول آر ڈی اے عثمان باجوہ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ آر ڈی اے ملک وقار احمد، اسسٹنٹ ڈائریکٹر پلاننگ آر ڈی اے مہوش تسیم، آر ڈی اے سکیم انسپکٹرز، ضلع کونسل انسپکٹر مسٹر حفیظ، ضلع انتظامیہ کے نمائندہ تحصیلدار نعیم اللہ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ مشترکہ طور پر کارروائی کی۔

بقیہ 25

ذاتی وجوہات پر استعفیٰ دیا ہے۔ یاد رہے کہ 190 ملین پاونڈ اسکینڈل کی تحقیقات مکمل ہو چکی ہیں، رواں ماہ ریفرنس دائر ہونا تھا، پراسیکیوٹر جنرل کی منظوری کے بغیر نیب عدالت میں ریفرنس دائر نہیں کر سکتا۔ پراسیکیوٹر جنرل نیب کے بغیر ایگزیکٹیو بورڈ کا اجلاس اور کیسز کی منظوری بھی تعطل میں چلی گئی۔ نیب ترمیمی قانون کالعدم ہونے پر مقدمات کی بحالی کے لیے بھی پراسیکیوٹر جنرل کی منظوری لازم ہے۔ یاد رہے کہ فروری 2021 میں پی ٹی آئی کی حکومت نے آرڈیننس کے ذریعے سید اصغر حیدر کو پراسیکیوٹر جنرل نیب کے عہدے پر 3 سال کی توسیع دی تھی

بقیہ 26

کے بعد جے یو آئی ف کے وفد سے ملاقات کی، ملاقات میں مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ فاروق ستار نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جے یو آئی اور ایم کیو ایم نے سندھ میں مل کر چلنے پر اتفاق کیا ہے، ہم نے فیصلہ کیا کہ اب سندھ کارڈ نہیں چلنے دیں گے۔ دیہی سندھ میں جو اسٹریٹ پاور جے یو آئی کے پاس ہے وہ پیپلز پارٹی کے پاس نہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سندھ میں حالیہ ٹرانسفر پوسٹنگ پر ہمارے مشترکہ تحفظات ہیں۔ کراچی منی پاکستان ہے، کراچی چلتا ہے تو پاکستان چلتا ہے۔ وڈیروں اور جاگیرداروں نے سندھ پر قبضہ کیا ہوا ہے، سندھ کے عوام کے ساتھ 15 سال ظلم کیا جاتا رہا۔ 15 سال ڈاکوؤں کی سرپرستی کی گئی، پورا سندھ بے امنی کا شکار ہے۔ رہنما ایم کیو ایم کا کہنا تھا کہ ہم جے یو آئی کے ساتھ مل کر سندھ میں سیاسی طاقت کا مظاہرہ کریں گے، ہم سندھ کے عوام کی خدمت کیلئے ایک پیج پر ہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ دنوں ایم کیو ایم اور جی ڈی اے کے درمیان بھی ملاقات ہوئی تھی جس میں مضبوط اتحاد کے ساتھ انتخابات میں اترنے پر اتفاق کیا گیا۔ دونوں جماعتوں میں پیپلز پارٹی کی کرپشن عوام کے سامنے رکھنے پر اتفاق ہوا۔ دونوں جماعتوں نے مؤقف اپنایا کہ شفاف انتخابات کیلئے سول انتظامیہ میں غیر جانبدار افسران کی تعیناتی ضروری ہے، غیر جانبدار حلقہ بندیاں مقررہ وقت میں کروائی جائیں۔ مصطفیٰ کمال نے دعویٰ کیا کہ ایم کیو ایم جی ڈی اے کے ساتھ مل کر سندھ میں اگلی حکومت بنائے گی، پہلے بھی دونوں جماعتیں مل کر حکومت بنا چکی ہیں

بقیہ 27

فرار ہو گیا تھا۔ پرس میں مسافر کے 25000 روپے اور شناختی کارڈ موجود تھا۔ ریلوے پولیس نے تھانہ رائیونڈ میں مقدمہ درج کر کے ملزم کو فوری گرفتار کرلیا۔ دوران تفتیش مختلف وارداتوں میں مسافروں سے لوٹا ہوا سامان برآمد کرلیا گیا جس میں 2 لیپ ٹاپ، 2 موبائل فون اور 23000 رقم شامل ہیں۔ ملزم سابقہ ریکارڈ یافتہ بھی نکلا جسکے خلاف ڈسٹرکٹ پولیس کے مختلف تھانہ جات میں 5 مقدمات درج ہیں۔ ملزم سے مزید سامان برآمد کرنے کے لئے تفتیش جاری ہے

بقیہ 28

۔پولیس کے مطابق ملزم کا کہنا ہے کہ اس نے لوٹ مار ہوتے دیکھی تو فائرنگ کی۔ گولی ڈاکوؤں کے بجائے سڑک پر گاڑی میں موجود بچی کو لگی۔ ملزم کے زیر استعمال ٹریل 2 رائفل برآمد کرلی گئی۔ یہ افسوسناک واقعہ آج صبح کراچی میں پیش آیا تھا جہاں پر 7 سالہ بچی سکول جاتے ہوئے اندھی گولی کا نشانہ بن گئی تھی۔ بچی کے زخمی ہونے کا واقعہ سخی حسن چورنگی میں پیش آیا۔ بچی کار کی پچھلی سیٹ پر بیٹھ کر والدہ کے ساتھ سکول جا رہی تھی۔ دوران سفر نامعلوم سمت سے آنے والی گولی بچی کو لگی۔ فائرنگ سے بچی شدید زخمی ہوگئی تھی۔ 7 سالہ بچی کو تشویشناک حالت میں اسپتال منتقل کیا گیا تھا تاہم وہ جانبر نہیں ہو سکی۔ پولیس نے فائرنگ کے واقعے سے لاعلمی کا اظہار کیا ہے۔ 10 جولائی 2023 کو بھی بلدیہ گلشن غازی کے ایک گھر میں نامعلوم سمت سے آنے والی گولی لگنے سے ایک شہری کی جان چلی گئی، جاں بحق شخص کی شناخت 20 سالہ صدیق کے نام سے ہوئی ہے۔ ریسکیو ذرائع کا کہنا تھا کہ متوفی کی لاش ضابطے کی کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کر دی گئی تھی۔ واضح رہے کہ گزشتہ چند روز سے کراچی کے مختلف علاقوں میں نامعلوم سمت سے آنے والی اندھی گولیاں گھروں کے اندر شہریوں کو شکار کر رہی ہیں، پولیس حکام کا کہنا ہے کہ شادی بیاہ میں فائرنگ یا دیگر مواقع پر ہوائی فائرنگ سے ایسے حادثات رونما ہو سکتے ہیں۔ اس سے قبل جمعہ کو کراچی کے علاقے لانڈھی 36 سی، شیر آباد میں گولی لگنے سے لڑکی زخمی ہوئی تھی

بقیہ 29

گی کسی بھی بجلی چور کو معاف نہیں کیا جائے گا اور بجلی چوروں کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا بجلی چور معاشرتی ناسور ہیں اور کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں

بقیہ 30

بات کی نشاندہی کی گئی کہ جہاں ہندوستان کی طرف سے فوجی اشتعال انگیزی بی جے پی کی دوبارہ انتخابی مہم کو تقویت دے سکتی ہے، وہیں یہ عمومی طور پر ہندوستان کے عام شہریوں کے لیے بھی مشکلات کا باعث بنے گی کیونکہ پاکستان اس کا بھرپور جواب ضرور دے گا۔ سی اے ایس ایس کے سینئر ڈائریکٹر اور سیمینار کے ناظم ائیر مارشل فاروق حبیب (ریٹائرڈ) نے ان چیلنجوں پر روشنی ڈالی جن کا پاکستان کو تاریخی طور پر بھارت کا پڑوسی ہونے اور اس کی بالادستی کی پالیسی کی بنا پر سامنا ہے۔ انہوں نے ماضی کے واقعات، بشمول ممبئی حملہ اور پلوامہ واقعہ کا حوالہ دیا، جن کا مقصد الیکشن میں پاکستان مخالف جذبات کو بھڑکا کر موجودہ بھارتی حکومتوں کو فائدہ پہنچانا تھا۔ مزید برآں، انہوں نے ہندوستانی رہنماؤں کے جارحانہ بیانات پر تبصرہ کیا اور سفارتی اور فوجی شعبوں میں ممکنہ کشیدگی کے خدشے کو ظاہر کیا۔ انہوں نے ان کشیدگیوں کو بھڑکانے میں بھارتی میڈیا کے کردار کی طرف بھی اشارہ کیا۔

بقیہ 31

پائلٹ پراجیکٹ کئے بغیر سیاسی جماعتوں کا اعتماد کیسے حاصل ہو گا؟ ترجمان الیکشن کمیشن کے مطابق الیکشن مینجمنٹ سسٹم کی ٹریننگ کے دوران خامیوں کی نشاندہی کو جلد درست کر دیا جائیگا، ہمارے سسٹم میں کوئی مسئلہ نہیں، سب کچھ بہترین چل رہا ہے۔

بقیہ 32

حسنؓ اور حسینؓ جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں۔ حضرت امام حسنؓ 15 رمضان المبارک 3ھ کو مدینہ میں پیدا ہوئے۔ حضرت امام حسنؓ 28 صفر المظفر 50ھ کو اس دنیا سے رخصت ہو گئے آپؓ کی عمر مبارک 46 برس تھی آپؓ کو جنت البقیع میں دفن کیا گیا

بقیہ 33

واہلکاران کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلع بھر کے سکولوں، ہسپتالوں سمیت دیگر سرکاری دفاتر میں انسپکشن کا عمل شروع کردیا ہے، عوامی خدمت میں کوتاہی یا تاخیری حربے استعمال کرنے والے افسران واہلکاران کا کڑا احتساب یقینی بنایا جائے گا

بقیہ 34

جنرل نیر بخاری کی جانب سے جاری کیا گیا۔ پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل نیر بخاری نے لطیف کھوسہ سے سات روز میں جواب طلب کرلیا۔ نوٹس کے متن کے مطابق رکن سی ای سی لطیف کھوسہ نے پارٹی کی اجازت لیے بغیر دوسری جماعت کے سربراہ کا دفاع کیا، وکلا کے فنکشن میں سائفر معاملے پر آپ نے ریاستی پالیسی پر تنقید کی، بتائیں کہ آپ کے خلاف تادیبی کارروائی کیوں نہ کی جائے۔ نوٹس میں کہا گیا کہ 7 روز میں شوکاز نوٹس کا جواب دیں، جواب نہ دینے کی صورت میں آپ کی پارٹی رکنیت ختم کر دی جائے گی۔ یہاں واضح رہے کہ پیپلز پارٹی کی ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس (کل) جمعرات کو لاہور میں ہوگا جس میں چوہدری اعتزاز احسن اور لطیف کھوسہ سمیت پارٹی کے تمام ناراض رہنماؤں کو شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔ قانونی پیچیدگیوں کے دوران سابق وزیر اعظم عمران خان کی قربت اور حمایت کرنے پر پیپلز پارٹی کے 2 مرکزی قائدین، سردار لطیف کھوسہ اور اعتزاز احسن سے پارٹی کا اختلاف رہا۔ دونوں رہنماؤں کو پارٹی کے گزشتہ سی ای سی اجلاس میں بھی مدعو کیا گیا تھا، اعتزاز احسن اس اجلاس میں شریک ہوئے تھے جبکہ سردار لطیف کھوسہ نے شرکت سے گریز کیا تھا اس حوالے سے پیپلز پارٹی کے ایک سینئر رہنما نے بتایا کہ لطیف کھوسہ اور اعتزاز احسن کو سی ای سی اجلاس میں مدعو کیا گیا ہے جو 14 ستمبر کو ہوگا۔

بقیہ 35

میاں نواز شریف کا ساتھ دیا اور ہمیشہ پارٹی کی خاطر قربانیاں دیں چوہدری محمد ریاض نے گوجرخان کے لیے بے شمار ترقیاتی کام کروائے ان کا بیٹا چوہدری خرم زمان امیدوار برائے صوبائی اسمبلی کی اگر بات کی جائے تو عوام کے لیے ہر وقت زمان ہاؤس کے دروازے کھولے ہوتے ہیں اور خرم زمان ہر خاص وعام بندے کے ساتھ ہر وقت رابطے میں ہوتے ہیں مسلم لیگ ن یوتھ ونگ کے ساتھ خرم زمان ہمیشہ کندھے کے ساتھ کندھا ملا کر کھڑے ہوتے ہیں گوجرخان کے لیے ایک ایسا عوامی ایم پی اے چاہیے جو گوجرخان سے ہو اور ہر وقت عوام کی پہنچ میں ہو پوری یوتھ ونگ کی نیک خواہشات چوہدری خرم زمان کے ساتھ ہیں انشااللہ مسلم لیگ ن کے ٹکٹ پر الیکشن لڑ کے چوہدری خرم زمان حلقہ پی پی 8 سے الیکشن جیتے

بقیہ 36

نے میڈیا کو بتایا کہ طالبان سپریم لیڈر کے جاری کردہ حکمنامے میں پاکستانی روپے میں تجارتی سرگرمیوں پر پابندی عائد کی گئی اور پاکستانی کرنسی کے استعمال کو قابل سزا جرم قرار دیا گیا۔ افغان حکومت کے اس اقدام سے پاک افغان باہمی تجارت میں ڈالر کا عمل دخل شروع ہونے سے اوپن مارکیٹ میں دباؤ بڑھنے کے خطرات نے ڈالر کے اوپن ریٹ بڑھانے میں کردار ادا کیا ہے

بقیہ 37

وصولی کرتا ہے، سائفر آیا اور کہاں گیا؟ سائفر کیس یہ ہے۔ سائفر کے 4 نقول آتے جن میں آرمی چیف، وزیر اعظم شامل ہوتے۔ وکیل سلمان صفدر نے کہا کہ آج کسی کلبھوشن یادیو یا ابھینندن کا کیس نہیں سنا جا رہا، سائفر کیس بہت خطرناک کیس بنایا گیا ہے، آفیشل سیکرٹ ایکٹ 1923 تو لگتا ہی نہیں ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی کوئی جاسوس نہیں، سابق وزیر اعظم ہیں۔ دوران ٹرائل معلوم ہوگا کہ سائفر پر بیان سے ملک کو بچایا گیا یا ملک دشمن قوتوں کی سہولت کاری کی۔ جرم دشمن ملک سے حساس معلومات شیئر کرنا ہے، سیکرٹ ایکٹ تو لاگو ہی نہیں ہوتا۔ ایف آئی اے سے تو کوئی امید نہیں، امید صرف عدالت سے ہے۔ جج ابوالحسنات نے کہا کہ دو کیٹیگریز کی لسٹ ہے، بہت اہم بات کرنے لگا ہوں، سیکشن 5، سیکشن 3 کیا لاگو ہوتا ہے یا نہیں؟

بقیہ 38

کا اہتمام کیا جائے گا جس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین ملکی ترقی میں جمہوریت کے کردار اور اہمیت پر تفصیل سے روشنی ڈالیں گے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے 2007ء میں جمہوریت کے عالمی دن کے منانے کا اعلان کیا تھا 15 ستمبر 2008ء کو دنیا بھر میں پہلی مرتبہ جمہوریت کا عالمی دن منایا گیا تھا

بقیہ 39

ہونے اور ریٹ لسٹ آویزاں نہ کرنے پر جرمانے عائد کیے جبکہ دولتالہ موڑ کے قریب المدینہ ٹریڈرز کو کیش میمونہ ہونے پر جرمانہ کیا دولتالہ میں حمزہ زرعی سٹور اور ابرار کمشن شاپ کو کیش میمونہ ہونے پر بھاری جرمانے کئے اور تمام ڈیلرز کو متنبہ کرتے ہوئے کہا کہ گندم کی کاشت کا سیزن قریب ہے اگر کوئی بھی ڈیلر کھاد قیمت سے زائد فروخت کرتا پایا گیا تو اس کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

بقیہ 40

جذبات کا کھل کر اظہار کرتے ہیں۔ جبکہ گزشتہ دنوں بھی لطیف کھوسہ نے کہا تھا کہ چیئرمین تحریک انصاف کے قتل کی سازش ہو رہی ہے، خدشہ ہے انہیں اٹک جیل میں قتل کر دیا جائے گا۔ گزشتہ حکومت کے بقول آئی ایم ایف نے ناک سے لکیریں نکلوادیں، ڈالر 350 روپے کا نہیں مل رہا ہے۔ بیرون ملک پاکستانیوں کو ووٹ اور الیکشن لڑنے کا حق دیں، بیرون ملک مقیم پاکستانی ملک کا قرضہ اتار دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک پاکستانی ملک سے بہت محبت کرتے ہیں، تمام جماعتیں محب وطن ہیں، محب وطن نہ ہونے کے دعوی کرنا بند ہونا چاہیے۔ انکا کہنا تھا کہ لگتا ہے کہ ن لیگ کو بھی نظر آرہا ہے الیکشن میں تاخیر کی کوشش کی جا رہی ہے، ہم بھکاری بن کر دنیا میں مانگ رہے ہیں جو ایٹمی ملک کے لیے شرمناک ہے

بقیہ 41

پولیس افسران واہلکاروں کی فلاح وبہبود اور ان کے اہل خانہ کے مسائل کے حل کے لئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ فرض کی راہ میں قیمتی جانیں قربان کرنے والے اور زخمی و معذور ہونے والے پولیس آفیشلز ہمارا مان ہیں۔ بلال صدیق کیمانہ نے کہا کہ شہدائے پولیس کے اہل خانہ، غازیوں اور خصوصی بچوں سے روزانہ کی بنیاد پر ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رہے گا تاکہ شہدا کی فیملیز، غازیوں، پولیس ملازمین اور ان کے اہل خانہ کے مسائل کا بروقت اور یقینی حل ممکن بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ کیپٹل سٹی پولیس لاہور کی طرف سے شہدائے پولیس کے اہل خانہ، غازیوں اور حاضر سروس ملازمین کی ویلفیئر کیلئے بھرپور اقدامات کرتے ہوئے پولیس شہدا کے ورثا، غازیوں اور خصوصی بچوں کی ویلفیئر کے لئے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 42

کیا ہے۔ راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ پاکستان کے سکیورٹی ادارے دہشت گردی کے ناسور سے نبرد آزما ہیں، دہشت گردی کو شکست دینے کے لئے قوم اپنی سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ ہے۔ سابق وزیر اعظم شہباز شریف نے ایکس (ٹوئٹر) پر پیغام میں لکھا کہ مستونگ میں جمعیت علمائے اسلام کے رہنما حافظ حمد اللہ اور ان کے دیگر ساتھیوں کے دھماکے میں زخمی ہونے کی افسوسناک اطلاع موصول ہوئی۔ اس بزدلانہ دہشت گرد حملے کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔

بقیہ 43

کہا کہ مقبوضہ کشمیر گئی تو پتہ چلا آزادی کیا ہوتی ہے، 8 لاکھ سے زائد بھارتی فوج مقبوضہ کشمیر میں موجود ہیں، مقبوضہ کشمیر میں کوئی سیاسی آزادی نہیں ہے۔ مشعال ملک نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں کشمیر یا کشمیریات پر کانفرنس کرنا ناممکن ہے، کشمیر میں کشمیریوں کی نسل کشی کی جا رہی ہے، 75 سال سے کشمیریوں پر اتنا بڑا حملہ ہو رہا ہے، جو قربانیاں انہوں نے دی ہیں مجھے اندازہ ہے، کشمیر میں کسی کی عزت محفوظ نہیں ہے۔ وزیر اعظم کی معاون خصوصی برائے انسانی حقوق نے کہا کہ معصوم کشمیریوں پر پیلٹ گنز استعمال کی جاتی ہیں، مقبوضہ کشمیر میں نسل در نسل قربانیاں دی جا رہی ہیں، کشمیر میں ادویات اور ویکسین ایکسپائر دی جاتی ہیں، کشمیری اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق آزادی چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حریت قیادت کو زیر حراست زہر دیا جا رہا ہے، بڑے بڑے لیڈرز کو پھانسی دی گئی، یاسین صاحب کو وکیل بھی نہیں کرنے دیا، میں نے شروعات ہی جیل سے کی ہے، میں مختلف جیلوں میں گئی ہوں۔ مشعال ملک نے کہا کہ ہم عہد کریں کہ ہم کشمیریوں کی مدد کریں گے، کشمیر کی تحریک طلبا چلا رہے ہیں، ان کے ساتھ ظلم کیا جاتا ہے، یونیورسٹی بند کر دی جاتی ہیں، جی 20 میں بھارت نے کسی بھی انسانی حقوق کی تنظیموں کو آنے نہیں دیا

بقیہ 44

اور جلسے کے شرکاء کی سکیورٹی کیلئے کمیٹی بنائی جائے گی۔ نواز شریف کا استقبال تاریخی بنانے کیلئے مریم نواز روزانہ اپ ڈیٹ رپورٹ لیں گی اور اپ ڈیٹ رپورٹ لندن بھیجی جائے گی۔ یاد رہے کہ مسلم لیگ ن نے لندن اجلاس میں آئندہ انتخابات میں کسی بھی جماعت سے اتحاد نہ کرنے کا فیصلہ بھی کیا۔ شہباز شریف نے نواز شریف کی وطن واپسی کیلئے 21 اکتوبر کی تاریخ کی تجویز دی، شہباز شریف کی تجویز سے سب نے اتفاق کیا۔ ذرائع کے مطابق لیگی قیادت نے آئندہ انتخابات میں کسی بھی جماعت سے قومی وصوبائی سطح پر اتحاد نہ کرنے کا فیصلہ کیا، مسلم لیگ ن نے فیصلہ کیا کہ پنجاب میں تمام نشستوں پر اپنے امیدوار کھڑے کئے جائیں گے۔ پنجاب میں پیپلز پارٹی سے مقامی سطح پر سیٹ ایڈجسٹمنٹ بھی نہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا، اجلاس میں آئی پی پی سے بھی اتحاد اور سیٹ ایڈجسٹمنٹ نہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ن لیگ نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں مختلف سیاسی جماعتوں سے مقامی سطح پر اتحاد کا فیصلہ کیا گیا، بلوچستان میں بی اے پی اور دیگر جماعتوں سے سیٹ ایڈجسٹمنٹ کا بھی فیصلہ کیا گیا

بقیہ 45

ہونیوالے ڈاکوؤں نے کاؤنٹر کے شیشے اور لاک توڑ کر 10 تولے کے طلائی، 14 تولے چاندی کے زیورات لوٹ کر فرار ہو گئے۔ جبکہ غلام محمد آباد سبزی منڈی کے تاجر آصف کے گھر آنے والے مسلح افراد نے اہل خانہ کو یرغمال بنا کر گھر کی تلاشی لیتے ہوئے کمروں کی الماریوں کے تالے توڑ کر سوا چودہ لاکھ روپے مالیت کے پرائز بانڈ، ساڑھے چھ لاکھ روپے کی نقدی، لاکھوں کے طلائی زیورات لے کر فرار ہوگئے۔ وارداتوں کی اطلاع ملتے ہی پولیس حسب روایت تاخیر سے موقع پر پہنچی تاہم پولیس نے الگ الگ مقدمات درج کر کے سماج دشمن عناصر کی تلاش شروع کردی ہے

بقیہ 46

مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے ملزم عبدالرحمان سے 02 کلو 200 گرام چرس، ملزمہ نوشین سے 01 کلو 680 گرام چرس، صدرواہ پولیس نے ملزم شان سے 02 کلو 200 گرام چرس، آر اے بازار پولیس نے ملزم اقبال سے 01 کلو 690 گرام چرس، کینٹ پولیس نے ملزم فہیم سے 01 کلو 500 گرام چرس، ملزم نذیر سے 570 گرام چرس، مورگاہ پولیس نے ملزم زیشان سے 01 کلو 750 گرام چرس، ٹیکسلا پولیس نے ملزم غلام مصطفی سے 01 کلو 460 گرام چرس، ملزم فردون سے 01 کلو 400 گرام چرس، ملزم عجب خان سے 600 گرام چرس، ملزم قاسم سے 520 گرام چرس، ملزم محبوب سے 515 گرام چرس، ملزم محمد ارسلان سے 510 گرام چرس، ویسٹریج پولیس نے ملزم عبدالحق سے 01 کلو 400 گرام چرس، ملزم محمد ارشد سے 01 کلو 300 گرام چرس، ایئر پورٹ پولیس نے ملزم احمد رمضان سے 01 کلو 100 گرام چرس، وارث خان پولیس نے ملزم ہمیش گلاب سے 750 گرام چرس، ملزم ندیم سے 540 گرام چرس، گوجر خان پولیس نے ملزم سجاد سے 520 گرام چرس، واہ کینٹ پولیس نے ملزم شاہد سے 520 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔ ایس پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، منشیات کے خاتمے کے لیے کریک ڈاؤن جاری رہے گا، وزیر اعلی پنجاب کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 47

گیا کہ اکثر بڑے فیصلے جمعہ کو آتے ہیں کیا ہم جمعہ کو توقع رکھیں جسٹس عمر عطا بندیال نے کہا کہ اس سوال کا جواب تو آپ بہتر جانتے ہیں، خود اندازہ لگالیں

بقیہ 48

وائس چانسلر خالد عراقی کی طرف سے حوصلہ افزاء جواب نہیں ملا جس پر وائس چانسلر ڈاکٹر خالد عراقی نے کہا کہ انجمن اساتذہ نے ایوننگ پروگرام کے بلوں پر بات ہی نہیں کی، وہ تو ایم فل، پی ایچ ڈی میں ان رولڈ اساتذہ کی فیس معاف کرانے آئے تھے، فیس معاف کرنے کا اختیار وائس چانسلر کا نہیں ہے

بقیہ 49

پٹرولیم مصنوعات ذخیرہ کیے جانے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں، اور اس حوالے سے وفاقی حکومت کی جانب سے بتایا گیا کہ ملک میں چند مقامات پر بعض آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے ریٹیل آؤٹ لیٹس مبینہ طور پر خشک پائے گئے۔ وزارت پٹرولیم نے چیئرمین اوگرا سے خشک ریٹیل آؤٹ لیٹس چلانے والی کمپنیوں کے خلاف ضابطے کی کارروائی کیلئے مراسلہ لکھ دیا۔ اوگرا کو ہدایت دی گئی کہ ملک میں اس وقت پٹرول اور ہائی سپیڈ ڈیزل کا وافر ذخیرہ موجود ہے، لہذا اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ تمام مارکیٹنگ کمپنیاں اپنے ریٹیل آؤٹ لیٹس خالی نہ رکھیں اور پٹرولیم مصنوعات کی فراہمی کا سلسلہ جاری رکھیں۔ خیال رہے کہ عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے پاکستان میں بھی 16 ستمبر سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید اور نمایاں اضافے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے

بقیہ 50

کرنے، سٹریٹ کرائم کے خلاف فیصلہ کن آپریشن کا حکم دیا۔ ترجمان وزیر اعلی سندھ کے مطابق کراچی میں رینجرز کی تعیناتی 14 ستمبر 2023 سے فروری 2024 تک ہوگی

بقیہ 51

تاہم وہ جانبر نہیں ہوسکی۔ پولیس نے فائرنگ کے واقعے سے لاعلمی کا اظہار کیا ہے۔ 10 جولائی 2023ء کو بھی بلدیہ گلشن غازی کے ایک گھر میں نامعلوم سمت سے آنے والی گولی لگنے سے ایک شہری کی جان چلی گئی، جاں بحق شخص کی شناخت 20 سالہ صدیق کے نام سے ہوئی ہے۔ ریسکیو ذرائع کا کہنا تھا کہ متوفی کی لاش ضابطے کی کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کر دی گئی تھی۔ واضح رہے کہ گزشتہ چند روز سے کراچی کے مختلف علاقوں میں نامعلوم سمت سے آنے والی اندھی گولیاں گھروں کے اندر شہریوں کو شکار کر رہی ہیں، پولیس حکام کا کہنا ہے کہ شادی بیاہ میں فائرنگ یا دیگر مواقع پر ہوائی فائرنگ سے ایسے حادثات رونما ہو سکتے ہیں۔ اس سے قبل جمعہ کو کراچی کے علاقے لانڈھی 36 سی، شیر آباد میں گولی لگنے سے لڑکی زخمی ہوئی تھی، بتایا جاتا ہے کہ لڑکی گھر کی چھت پر موجود تھی کہ نامعلوم سمت سے گولی آکر لگی۔ لڑکی کی شناخت نہیں ہوسکی تھی۔ کراچی میں اندھی گولیاں لگنے سے گھروں میں دو بچے بھی زخمی ہوئے تھے

بقیہ 52

حضرت مجدد الف ثانیؒ کے مزار پر حاضری دی۔ ناظم الامور اور زائرین نے حکومت پاکستان اور پاکستانی عوام کی جانب سے مزار پر روایتی چادر چڑھائی اور پاکستان کی ترقی وخوشحالی کے لئے خصوصی دعا کی۔ اس موقع پر ناظم الامور نے زائرین کے دورہ کے دوران سہولت فراہم کرنے پر سجادہ نشین خلیفہ سید محمد صادق رضا اور مقامی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔ ناظم الامور اعزاز خان نے حضرت مجدد الف ثانی رحمتہ اللہ علیہ کی اسلام کیلئے خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔ واضح رہے کہ ہر سال پاکستانی زائرین 1974 کے مذہبی مقامات کے دوروں سے متعلق پاکستان۔ انڈیا پروٹوکول کے فریم ورک کے تحت حضرت مجدد الف ثانیؒ کے سالانہ عرس مبارک میں شرکت کرتے ہیں

بقیہ 53

سمین راشد کے سروسز ہسپتال میں کینسر کے ٹیسٹ کرانے کا حکم دے دیا، جبکہ عدالت نے سابق گورنر پنجاب عمر سرفراز چیمہ کے علاج کیلئے درخواست منظور کرلی۔ یاسمین راشد نے سروسز ہسپتال میں کینسر کے ٹیسٹ کرانے کی اجازت مانگی تھی، پی ٹی آئی رہنما 9 مئی واقعات کے درج مقدمات میں جیل میں قید ہیں۔ یاد رہے کہ اس سے قبل انسداد دہشت گردی عدالت میں عسکری ٹاور پر حملہ سمیت چار مقدمات میں یاسمین راشد کی درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی، عدالت نے وکلاء سے دلائل طلب کرتے ہوئے سماعت 19 ستمبر تک ملتوی کر دی۔ عدالت نے تھانہ شادمان نذر آتش کیس اور گلبرگ میں پولیس کی گاڑیاں جلانے کے مقدمے میں میاں محمود الرشید کی درخواست ضمانت پر بھی وکلا سے دلائل طلب کئے۔ عدالت نے حکم دیا کہ چاروں مقدمات میں ضمانت کی درخواست ایک روز ہی سماعت کیلئے مقرر نہ کی جائیں، 9 مئی کے مقدمات کے متعدد ملزمان کی ضمانتیں زیر سماعت ہیں۔ انسداد دہشت گردی عدالت نے کلمہ چوک پر کنٹینر جلانے کے الزام میں درج مقدمے میں میاں محمود الرشید کی درخواست ضمانت خارج کر دی جبکہ عدالت نے تھانہ شادمان کو نذر آتش کرنے کے الزام میں درج مقدمے میں میاں محمود الرشید کی درخواست ضمانت ملتوی کر دی تھی۔ عدالت نے پولیس کی گاڑیاں جلانے اور دیگر کیسز میں میاں محمود الرشید کی ضمانت کی درخواست پر سماعت 21 ستمبر تک ملتوی کی

بقیہ 54

کی 2674 جبکہ ون ویلنگ کی 2466 مقدمات درج کئے گئے ہیں۔ ترجمان لاہور پولیس نے کے اعدادوشمار کے مطابق اقبال ٹاؤن ڈویژن میں بجلی چوری کی 1357 مقدمات، صدر میں 1055، کینٹ میں 1850، ماڈل ٹاؤن میں 1056، سٹی میں 1483 جبکہ سول لائن ڈویژن میں 592 مقدمات درج کئے گئے ہیں۔ اسی طرح اقبال ٹاؤن ڈویژن میں گداگری کی 529 مقدمات، صدر میں 638، کینٹ میں 706، ماڈل ٹاؤن میں 956، سٹی میں 1129 جبکہ سول لائن میں 634 مقدمات درج کئے گئے ہیں۔ کرایہ داری ایکٹ کے تحت اقبال ٹاؤن ڈویژن میں 496 مقدمات، صدر میں 964، کینٹ میں 677، ماڈل ٹاؤن میں 770، سٹی میں 932 جبکہ سول لائن میں 409 مقدمات درج کئے گئے ہیں۔ اقبال ٹاؤن ڈویژن میں ساؤنڈ سسٹم ایکٹ کی 310 مقدمات، صدر میں 322، کینٹ میں 470، ماڈل ٹاؤن میں 367، سٹی میں 938 جبکہ سول لائن میں 267 مقدمات درج کئے گئے ہیں۔ اقبال ٹاؤن ڈویژن میں ون ویلنگ کی 331 مقدمات، صدر میں 230، کینٹ میں 419، ماڈل ٹاؤن میں 392، سٹی میں 645 جبکہ سول لائن میں 449 مقدمات درج کئے گئے ہیں۔

بقیہ 55

بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں اور شدید ذہنی اذیت کا شکار ہیں ملازمین نے صدر پاکستان، چیف جسٹس، وزیر اعظم اور لیسکو انتظامیہ سے دست بدستہ گزارش کی ہے کہ موجودہ حالات کے پیش نظر لیسکو آئی ٹی سنٹر سے واسطہ تمام ملازمین کے سکیلز کو مدنظر رکھتے ہوئے ناانصافیوں کا جائزہ لیا جائے 35 سال تک کام کرنے اور 55 سال عمر پانے کے باوجود بھی ملازمین گریڈ 17 تک نہیں پہنچ سکے اکثر ملازمین گریڈ 17 میں ناپہنچنے پر ذہنی اذیت کا شکار ہو کر یا تو انتقال کر گئے اور کئی مایوس ہو کر ریٹائرمنٹ لے گئے کیونکہ ان کی آواز سننے والا کوئی نہیں تھا لہذا موجودہ ملازمین میڈیا کا سہارا لے کر اپنی آواز اعلی حکام تک اس امید سے پہنچا رہے ہیں کہ تمام ملازمین کو ان کا حق مل سکے گا۔

بقیہ 56

اور اہلکار تعینات کئے جائیں، اچھی کارکردگی نہ دکھانے والوں کو تبدیل کریں۔ نگران وزیر اعلی نے کہا کہ گھوٹکی اور کندھ کوٹ پل پر کام شروع کرنے کی ہدایت دی ہے، پل بن جائے تو علاقہ کھل جائے گا اور امن وامان کی صورتحال بہتر ہو جائے گی۔ نگران وزیر اعلی نے آئی جی سندھ کو اسٹریٹ کرائم کیخلاف فیصلہ کن آپریشن کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے۔ کوئی شخص گھر سے موبائل فون لیکر باہر نہیں نکل سکتا، یہ صورتحال ہرگز قبول نہیں۔ سندھ کابینہ نے کچے میں پولیس اور رینجرز کا فوج کے ساتھ آپریشن کا فیصلہ کیا، سندھ کابینہ نے کراچی میں مزید 6 ماہ تک رینجرز کی تعیناتی میں توسیع کا بھی فیصلہ کیا۔ ترجمان وزیر اعلی کے مطابق رینجرز تعیناتی 16 ستمبر 2023ء سے فروری 2024ء تک ہوگی

بقیہ 57

تھانے آنے والوں خلاف بھی کارروائی کا فیصلہ کیا گیا۔ پولیس نے ڈاگئی، ملاخان، شاہ عالم اور دیگر علاقوں کیلئے بھی ہدایت نامہ جاری کردیا۔ پولیس کے مطابق کوئی قبرستان، دریا کنارے یا کھیتوں میں بلاعذر پایا گیا تو کارروائی ہوگی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ منشیات کے استعمال میں اضافے کے باعث ہدایت نامہ جاری کیا گیا۔

بقیہ 58

کردار نہیں۔ سیاسی انتقام لیا جارہا ہے۔ جج ابوالحسنات نے قرار دیا کہ اسد عمر کو کمرہ عدالت میں شامل تفتیش کرنا ہے تو کرلیں، سماعت تو ملتوی نہیں ہونی۔ عدالت کو بتایا جائے کہ اسد عمر کا کردار براہ راست نہیں تو مقدمے میں نامزد کیوں کیا؟ اسد عمر کی درخواست ضمانت کی مخالفت کیوں کی جارہی ہے؟ پراسیکیوشن کے معاون وکیل نے کہا کہ اسد عمر کو ایف آئی اے خود آنا تھا۔ تفتیشی افسر کوان کے پاس نہیں آنا تھا، ابھی اسد عمر کے کردار پر سائفر کیس میں تفتیش مکمل کرنی ہے۔ ایف آئی اے کے پراسیکیوٹر شاہ خاور ایڈووکیٹ نے دلائل دیئے کہ اس وقت اسد عمر کی گرفتاری درکار نہیں، ابھی تک ان کیخلاف شواہد نہیں ہیں۔ دوران تفتیش شواہد سامنے آئے تو دیکھیں گے، اسد عمر کو ایف آئی اے میں نامزد نہیں کیا گیا۔ آفیشل سیکرٹ ایکٹ عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے اسد عمر کی درخواست ضمانت قبل از گرفتاری منظور کرلی۔ عدالت نے اسد عمر کو 50 ہزار روپے کے ضمانتی مچلکے جمع کروانے کی ہدایت کی، عدالت نے ایف آئی اے پراسیکیوٹر کے بیان پر ضمانت منظور کی

بقیہ 59

مراسلہ میں فیصل آباد سمیت پنجاب کی ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹیز کے چیف ایگزیکٹو افسران کو کہا گیا ہے کہ کرونا ایکسپرٹ ایڈوائزری گروپ (CEAG) کی حالیہ میٹنگ میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ پنجاب کے مختلف اضلاع میں کرونا وائرس دوبارہ سر اٹھانے لگا ہے اور کرونا وائرس پھیلنے کا اندیشہ ظاہر کیا گیا ہے جس کے تدارک کیلئے کرونا وائرس کو پھیلنے سے روکنے کیلئے انسدادی وحفاظتی اقدامات کی اشد ضرورت ہے تاکہ اس مہلک مرض کو پھیلنے سے روکا جاسکے اور اس کیلئے سی ای او ہیلتھ کووڈ 19 کی بوسٹر ڈوز لئے جائیں شہریوں کو بوسٹر ڈوز لگانے کے دوبارہ انتظامات کرتے ہوئے آگاہی مہم بھی شروع کی جائے تاکہ کرونا بیماری کی روک تھام کیلئے شہری حفاظتی وانسدادی اصولوں پر عملدر آمد کریں۔

بقیہ 60

10 لاکھ کی ریکوری کی گئی اور آج ریکوری ایک ارب کی حد عبور کر جائے گی۔

بقیہ 61

بتایا گیا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے سیلز ٹیکس کے چوروں کے خلاف بڑی کارروائی کی تیاریاں کرلیں۔ ذرائع ایف بی آر نے بتایا کہ سیلز ٹیکس میں جعلی رسیدیں جمع کرانے والوں کے احتساب کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ سیلز ٹیکس شرح کم ظاہر کرکے ٹیکس چوری کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں کی جائیں گی، سیلز ٹیکس کی چوری روک کر 214 ارب اضافی جمع کرنے کی حکمت عملی تیار کرلی گئی ہے

بقیہ 62

کے مقدمات میں جیل میں ہیں۔ علاوہ ازیں انسداد دہشت گردی عدالت نے سابق گورنر عمر سرفراز کے علاج کے لئے درخواست منظور کرلی۔ وکلا نے عمر سرفراز چیمہ کی جانب سے درخواست دائر کی جس میں کہا گیا کہ عمر چیمہ کو ویل چیئر پر عدالت پیش کیا جاتا ہے، وہ کمر کی تکلیف سمیت دیگر امراض میں مبتلا ہیں، جیل سے باہر علاج کے لئے عدالت کی اجازت درکار ہے اجازت دی جائے۔ انسداد دہشتگردی عدالت کی ایڈمن جج عبہر گل خان نے علاج کے لئے دائر درخواست منظور کرتے ہوئے جیل حکام کو فوری سابق گورنر عمر سرفراز چیمہ کے چیک اپ کرانے کا حکم دے دیا۔ واضح رہے کہ سابق گورنر عمر سرفراز 9 مئی جلاؤ گھیراؤ کے مقدمات میں جیل میں ہیں

بقیہ 63

بوریاں ذخیرہ کی گئی تھیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے چینی کا سٹاک ضبط کر کے گوداموں کو سیل کرادیا۔ انہوں نے ذخیرہ اندوزوں کو خبردار کیا کہ وہ چینی سمیت اشیائے ضروریہ کی ذخیرہ اندوزی سے باز رہیں بصورت دیگر نہ صرف سامان قبضہ میں لیا جائے گا بلکہ گودام سیل کرنے کے علاوہ سخت قانونی کارروائی بھی ہوگی

بقیہ 64

دعا کی ہے۔ دوسری جانب نگران وزیر داخلہ بلوچستان محمد زبیر جمالی نے حافظ حمد اللہ پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے واقعہ کی رپورٹ طلب کر لی۔ مولانا فضل الرحمان کی حافظ حمد اللہ پر ہونیوالے دھماکے کی مذمت سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان کی حافظ حمد اللہ پر ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے، مولانا فضل الرحمان نے حافظ حمد اللہ سمیت دیگر زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی میں ملوث عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ صوبائی نگران حکومت اس افسوسناک واقعہ کے ذمہ داران کو کیفر کردار تک پہنچائیں، جیو آئی کے قائدین پر انتخابات سے قبل اس طرح کے حملے کسی صورت میں قابل قبول نہیں۔

بقیہ 65

مددگار ہیلپ لائن پکار 15 علاقہ تھانہ فیض آباد کی بیوہ خاتون نے کال کر کے بتایا کہ اسکا شوہر فوت ہو چکا ہے اور میرے 4 بچے کئی دن سے بھوکے ہیں مدد کیجائے۔ کال کی اطلاع موصول ہونے پر ڈی پی او صاحبزادہ عزیز نے فوری مدد کی فراہمی کی ہدایت کی۔ ایس ایچ او تھانہ فیض آباد رائے سعدی ہمراہ ٹیم راشن لیکر ضرورت مند بیوہ خاتون کے گھر گاؤں نظریاں پہنچ گئے۔ ضرورت مند خاندان نے پولیس کی طرف سے ملنے والی فوری امداد اور تعاون کو خوب سراہا۔ ڈی پی او کا کہنا تھا کہ پولیس کی مثالی کارکردگی اور عوام دوستی کا ثبوت سامنے لانا چاہتے ہیں۔ عوام کو تحفظ کی فراہمی اور مشکلات میں گھرے افراد کی مدد اولین فریضہ ہے۔ پولیس نے اپنے وسائل سے ضرورت مند خاندان کو راشن فراہم کیا ہے۔

بقیہ 66

عدالت میں پیش ہوئے اور اپنی حاضری لگائی۔ عدالت کے روبرو بریت کی درخواست میں کیپٹن (ر) محمد صفدر نے موقف اختیار کیا ہے کہ مریم نواز کی پیشی کے موقع پر پولیس اہلکاروں کو فرائض انجام دہی سے روکنے کا جھوٹا الزام ہے، مقدمہ میں کیپٹن (ر) صفدر، جہانزیب اعوان سمیت 10 سے 12 نامعلوم ملزموں کا ذکر ہے، نامعلوم ملزموں میں سے کسی کو بھی ٹرائل میں شامل نہیں کیا گیا، جبکہ کسی پولیس اہلکار کی وردی پھٹنے کا ذکر بھی صفحہ مثل پر موجود نہیں جبکہ کار سرکار میں مداخلت کی ویڈیو کی کوئی فرانزک رپورٹ پیش نہیں کی گئی

نواسہ رسولؐ حضرت امام حسنؓ کا یوم شہادت آج عقیدت و احترام سے منایا جائے گا

حضور نبی کریمؐ کی ایک مشہور حدیث کے مطابق حسنؓ اور حسینؓ جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں

حضرت امام حسنؓ 28 صفر المظفر 50ھ کو اس دنیا سے رخصت ہو گئے آپؓ کی عمر مبارک 46 برس تھی آپؓ کو جنت البقیع میں دفن کیا گیا

اسلام آباد (خبر نگار)) نواسہ رسولؐ، حضرت امام حسنؓ کا یوم شہادت 15 ستمبر جمعۃ المبارک کو عقیدت و احترام سے منایا جائے گا اس سلسلے میں ملک بھر کی امام بارگاہوں میں مجالس عزاء منعقد کی جائیں گی جس سے خطاب کے دوران علماء و ذاکرین حضرات حضرت امام حسنؓ کی تعلیمات پر روشنی ڈالیں گے جبکہ علم و ذوالجناح اور تابوت کے ماتمی جلوس بھی نکالے جائیں گے۔ ملک بھر کی مساجد میں منعقدہ تقریبات اور جمعۃ المبارک کے اجتماعات میں علماء کرام و خطیب حضرات نواسہ رسولؐ حضرت امام حسنؓ کی سیرت مبارکہ اور فلسفہ شہادت پر تفصیل سے روشنی ڈالیں گے۔ حضرت امام حسنؓ، حضرت علی المرتضیٰؓ کے بڑے فرزند اور سید الشہداء حضرت امام حسینؓ کے بھائی تھے آپؓ کا نام نامی حسنؓ، لقب مجتبیٰؓ اور کنیت ابو محمد تھی۔ حضور نبی کریمؐ کی ایک مشہور حدیث کے مطابق (بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد: وفاقی کابینہ کی ذیلی کمیٹی کا اجلاس، 17 افراد کے نام ای سی ایل میں ڈالنے کی سفارش

انتخابی نتائج مرتب کرنے والے الیکشن مینجمنٹ سسٹم میں خامیاں سامنے آ گئیں

ترجمان الیکشن کمیشن کے مطابق الیکشن مینجمنٹ سسٹم کی ٹریننگ کے دوران خامیوں کی نشاندہی کو جلد درست کر دیا جائیگا

مطابق الیکشن مینجمنٹ سسٹم میں خامیاں اور اوورلوڈ سسٹم ہے، الیکشن مینجمنٹ سسٹم کا کوئی پائلٹ پراجیکٹ نہیں کیا گیا، ذرائع

اسلام آباد (خبر نگار) عام انتخابات میں نتائج مرتب کرنے کیلئے بنائے گئے الیکشن مینجمنٹ سسٹم میں خامیاں سامنے آ گئیں، الیکشن مینجمنٹ سسٹم کے لئے آر اوز کی ٹریننگ جاری ہے۔ ذرائع الیکشن کمیشن کے مطابق الیکشن مینجمنٹ سسٹم میں خامیاں اور اوورلوڈ سسٹم ہے، الیکشن مینجمنٹ سسٹم کا کوئی پائلٹ پراجیکٹ نہیں کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق کسی بھی نئے سسٹم کو ضمنی انتخابات میں ٹیسٹ کیا جاتا ہے، الیکشن مینجمنٹ سسٹم کا پائلٹ پراجیکٹ کئے بغیر سیاسی جماعتوں کو اعتماد کیسے حاصل ہو گا؟۔ ترجمان الیکشن کمیشن کے مطابق الیکشن مینجمنٹ سسٹم کی ٹریننگ کے دوران خامیوں کی نشاندہی کو جلد درست کر دیا جائیگا، ہمارے سسٹم میں کوئی مسئلہ نہیں، سب کچھ بہترین چل رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق کسی بھی نئے سسٹم کو ضمنی انتخابات میں ٹیسٹ کیا جاتا ہے، الیکشن مینجمنٹ سسٹم کا (بقیہ نمبر 31)

گوجر خان: اسسٹنٹ ڈائریکٹر محکمہ زراعت توسیع گوجر خان میڈیم ارم دولتانہ جاتلی سکھو کھاد ڈیلروں کو جرمانے کر رہی ہیں

ڈپٹی کمشنر کا دفتری اوقات کار میں مختلف دفاتر کا دورہ

محکمہ بلڈنگز کے بیشتر اہلکار غیر حاضر، وضاحت کیلئے اہلکاروں کو دفتر بلا لیا

ضلع بھر کے سکولوں، ہسپتالوں سمیت دیگر سرکاری دفاتر میں انسپکشن کا عمل شروع کر دیا ہے

بھکر (نیوز رپورٹر) ڈپٹی کمشنر بھکر ڈاکٹر نور محمد اعوان نے دفتری اوقات کار میں مختلف دفاتر کا دورہ کیا ہے، محکمہ بلڈنگز کے بیشتر اہلکار غیر حاضر، وضاحت کیلئے اہلکاروں کو دفتر بلا لیا، ضلع بھر کے دفاتر میں انسپکشن جاری رہے گی، تمام افسران و اہلکاران بروقت ڈیوٹی پر پہنچیں اور سرکاری امور کی انجام دہی میں غفلت نظر نہ آنے پائے۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز کو احکامات جاری کئے کہ وہ اپنی متعلقہ تحصیل کے سرکاری دفاتر کا دورہ کریں اور بروقت ڈیوٹی پر نہ پہنچنے والے افسران (بقیہ نمبر 33)

پارٹی کی جانب سے کوئی شوکاز نہیں ملا، سینئر قانون دان لطیف کھوسہ

دونوں رہنماؤں کو پارٹی کے گزشتہ سی ای سی اجلاس میں بھی مدعو کیا گیا تھا

شوکاز نوٹس پیپلز پارٹی کے سیکریٹری جنرل نیر بخاری کی جانب سے جاری کیا گیا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما لطیف کھوسہ کا کہنا ہے کہ پارٹی کی جانب سے کوئی شوکاز نہیں ملا، انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مجھے پارٹی سے کون نکال سکتا ہے۔ لطیف کھوسہ نے پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کی دعوت موصول ہوئی ہے لیکن سپریم کورٹ میں مصروف ہونے کی وجہ سے اجلاس میں شرکت نہیں کروں گا۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے سابق گورنر پنجاب اور وکیل لطیف کھوسہ کو شوکاز نوٹس جاری کیا تھا۔ شوکاز نوٹس پیپلز پارٹی کے سیکریٹری (بقیہ نمبر 34)

گوجر خان: وفاقی وزیر مذہبی امور انیق احمد سے چیئرمین انسانی حقوق برائے اسلام آباد کونسل قاضی عادل عزیز کی ملاقات

عوامی شکایات کی بنا پر اے ڈی زراعت میڈم ارم کا کھاد ڈیلروں کے خلاف کریک ڈاؤن

متعدد ڈیلرز کو جرمانے عائد، آئندہ قیمت سے زائد نرخوں پر فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کا عندیہ

گوجر خان (قمر شہزاد) اسسٹنٹ ڈائریکٹر محکمہ زراعت گوجر خان میڈیم ارم کا عوامی شکایات کی بنا پر دولتانہ، جاتلی، سکھو میں کھاد ڈیلروں کے خلاف کریک ڈاؤن کیش میمو نہ ہونے اور سرکاری ریٹ سے زائد فروخت کرنے پر کارروائی کرتے ہوئے ڈیلروں کو بھاری جرمانے عائد کیے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز عوامی شکایات کی بنا پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر محکمہ زراعت توسیع گوجر خان نے زراعت افسر دولتانہ شہزاد ممتاز کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے سکھو میں کھاد ڈیلرز حماد اینڈ بلال کو کیش میمو نہ (بقیہ نمبر 39)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم جمہوریت 15 ستمبر کو منایا جائے گا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم جمہوریت 15 ستمبر کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد غیر جمہوری طاقتوں کا راستہ روکنے اور جمہوریت کیلئے ہر قسم کی قربانی دینے کیلئے عوامی شعور اجاگر کرنا ہے اس سلسلے میں ملک بھر میں سیاسی و سماجی جماعتوں اور تنظیموں کے زیر اہتمام مذاکرے، سیمینارز اور دیگر تقریبات (بقیہ نمبر 38)

عمران خان کو 190 ملین پاؤنڈز کیس میں گرفتار کیے جانے کا امکان

نیب تحقیقاتی ٹیم چیئرمین تحریک انصاف سے تفتیش کے لیے اٹک جیل پہنچ گئی

سائفر کیس میں ضمانت ملنے کی صورت میں نیب گرفتاری ڈالے گا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) 190 ملین پاؤنڈز سکینڈل کے حوالے سے نیب تحقیقات کا معاملہ، نیب تحقیقاتی ٹیم چیئرمین تحریک انصاف عمران خان سے تفتیش کے لیے اٹک جیل پہنچ گئی۔ چیئرمین تحریک انصاف کو 190 ملین پاؤنڈز کیس میں گرفتار کیے جانے کا امکان ہے۔ بتایا گیا ہے کہ اگر سائفر کیس میں عمران خان کو خصوصی عدالت سے ضمانت مل جاتی ہے تو پھر ان کی گرفتاری 190 ملین پاؤنڈز سکینڈل میں ڈالی جائے گی۔ اس وقت جج ابوالحسنات کی خصوصی عدالت میں سائفر کیس کی سماعت جاری ہے۔ وکیل سلمان صفدر نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ قومی سلامتی کو نقصان پہنچانے کے لیے چیئرمین پی ٹی آئی نے کوئی ایسا کام نہیں کیا، سائفر ہے کیا؟ یقیناً کوڈڈ دستاویز ہوتا جس میں کمیونیکیشن ہوتی۔ جج ابوالحسنات نے ریمارکس دیئے سائفر ہے کیا؟ اس پر ضرور بات کرنی ہے، وکیل سلمان صفدر نے کہا کہ سائفر ٹریننگ شدہ افراد کے پاس آتا ہے، عام انسان نہیں پڑھ سکتا۔ جج ابوالحسنات نے کہا کہ وزارتِ خارجہ سائفر کی (بقیہ نمبر 37)

اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر 3 روپے کی کمی سے 298 روپے کی سطح پر آ گیا

کراچی (سٹاف رپورٹر) کرنسی کے غیر قانونی کاروبار میں ملوث عناصر کے خلاف تابڑ توڑ کارروائیوں کے باعث ڈالر بیک فٹ پر ہے۔ انٹربینک مارکیٹ میں ڈالر کی قدر مزید 1 روپیہ 9 پیسے کی کمی سے 297 روپے 73 پیسے کی سطح پر آ گئی۔ اوپن کرنسی مارکیٹ میں بھی ڈالر 3 روپے کی کمی سے 298 روپے کی سطح پر آ گیا۔ مارکیٹ ذرائع (بقیہ نمبر 36)

حلقہ پی پی 8 سے چوہدری ریاض میاں نواز شریف کے سچے سپاہی ہیں خواجہ جہانگیر

چوہدری خرم زمان مسلم لیگ ن کے ٹکٹ پر الیکشن لڑ کر کامیاب ہو گا قمر اسلام

گوجر خان (قمر شہزاد) پاکستان مسلم لیگ ن یوتھ ونگ تحصیل گوجر خان کے چیف آرگنائزر خواجہ محمد جہانگیر صدر مسلم لیگ ن یوتھ ونگ تحصیل گوجر خان قمر اسلام، جنرل سیکرٹری مسلم لیگ ن یوتھ ونگ تحصیل گوجر خان حمزہ بٹ، سٹی صدر گوجر خان راجہ فرحان مسعود، انفارمیشن سیکرٹری مسلم لیگ ن یوتھ ونگ سٹی گوجر خان قاسم قریشی نے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ گوجر خان میں میاں نواز شریف کے سچے سپاہی سابق صوبائی وزیر چوہدری محمد ریاض ہیں جنہوں نے ہر مشکل دور میں (بقیہ نمبر 35)

ن لیگ کا نواز شریف کی وطن واپسی، استقبال کیلئے انتظامی کمیٹیاں تشکیل دینے کا فیصلہ

نواز شریف کا استقبال تاریخی بنانے کیلئے مریم نواز روزانہ اپ ڈیٹ رپورٹ لیں گی اور اپ ڈیٹ رپورٹ لندن بھیجی جائے گی

مریم نواز کو انتظامی کمیٹیوں کی نگران مقرر کر دیا گیا، سابق وزیر اعظم کا استقبال تاریخی بنانے کیلئے روزانہ اپ ڈیٹ رپورٹ لندن بھیجی جائے گی

اسلام آباد (خبر نگار) ن لیگ نے نواز شریف کے استقبال کیلئے رہنماؤں اور کارکنوں کو متحرک کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مسلم لیگ ن کے لندن اجلاس کی ایک اور اندرونی کہانی سامنے آ گئی، ن لیگ نے سابق وزیر اعظم نواز شریف کی وطن واپسی اور استقبال کیلئے انتظامی کمیٹیاں تشکیل دینے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ چیف آرگنائزر مسلم لیگ ن مریم نواز کو انتظامی کمیٹیوں کی نگران مقرر کیا گیا ہے۔ ن لیگ نے نواز شریف کے تاریخی استقبال کیلئے فنانس کمیٹی بھی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا۔ پارٹی ذرائع کے مطابق نواز شریف کی واپسی پر بڑا تاریخی جلسہ کیا جائے گا، ریلی (بقیہ نمبر 44)

اسلام آباد: سابق اپوزیشن لیڈر راجہ ریاض کی چیف الیکشن کمشنر سے ملاقات، انتخابات بارے تبادلہ خیال

سیاسی و سماجی رہنماؤں کی حافظ حمد اللہ کی جلد صحتیابی کیلئے دعائیں، کوئٹہ دھماکے کی مذمت

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) سیاسی و سماجی رہنماؤں نے کوئٹہ دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے رہنما جے یو آئی حافظ حمد اللہ کی جلد صحتیابی کیلئے دعائیں کی ہیں۔ کراچی کوئٹہ ہائی وے پر سڑک کنارے دھماکے کے نتیجے میں رہنما جے یو آئی سمیت 11 افراد زخمی ہو گئے۔ اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے دھماکے کی مذمت کی اور اس کے نتیجے میں حافظ حمد اللہ و دیگر کے زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار (بقیہ نمبر 42)

میرے شوہر یاسین ملک کی پھانسی کا کیس آ رہا ہے، مجھے آپ سب کی سپورٹ چاہیے، مشعال ملک

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم کی معاون خصوصی برائے انسانی حقوق مشعال ملک نے کہا ہے کہ میرے شوہر یاسین ملک کی پھانسی کا کیس آ رہا ہے، مجھے آپ سب کی سپورٹ چاہیے، یہ پاکستان کی یوتھ کا امتحان ہے۔ وزیر اعظم کی معاون خصوصی برائے انسانی حقوق مشعال ملک نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مجھے ہر چیز میں کشمیر نظر آتا ہے، دنیا میں ہر شخص کو آزادی کا حق ہے۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 43)

بلال صدیق کمیانہ سے شہدائے پولیس کے اہلخانہ، غازیوں اور خصوصی بچوں کی ملاقات

لاہور (خصوصی رپورٹر) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ سے کیپٹل سٹی پولیس آفس میں شہدائے پولیس کے اہل خانہ، غازیوں اور ملازمین کے معذور بچوں نے ملاقات کی۔ سی سی پی او نے ان کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لئے موقع پر احکامات جاری کئے۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ آپ کے مسائل کے حل کے لئے فرداً فرداً مل رہا ہوں، میرے دفتر کے دروازے آپ کے لئے ہر وقت کھلے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ شہدا کے اہل خانہ، غازیوں اور حاضر سروس (بقیہ نمبر 41)

عمران خان کا دفاع کیوں کیا؟ لطیف کھوسہ سے جواب طلب کر لیا گیا

پیپلز پارٹی نے سینئر قانون دان کو شوکاز نوٹس جاری کر دیا

7 روز میں شوکاز نوٹس کا جواب نہ دینے پر پارٹی رکنیت ختم کر دی جائے گی، متن

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) عمران خان کا دفاع اور سائفر کے معاملے پر ریاستی پالیسی کو تنقید کا نشانہ کیوں بنایا؟ لطیف کھوسہ سے جواب طلب کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پیپلز پارٹی نے سینئر قانون دان لطیف کھوسہ کو پارٹی کی خلاف ورزی کرنے پر شوکاز نوٹس جاری کر دیا، سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی نیئر بخاری نے شوکاز نوٹس جاری کیا۔ لطیف کھوسہ سے 7 روز میں جواب طلب کیا گیا ہے۔ نوٹس میں کہا گیا کہ سی ای سی رکن ہونے کے باوجود پارٹی کی اجازت کے بغیر آپ کسی اور جماعت کے سربراہ کا دفاع کر رہے ہیں۔ وکلا کنونشن میں آپ نے سائفر کے معاملے پر ریاستی پالیسی کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ بتائیں آپ کیخلاف تادیبی کارروائی کیوں نہ کی جائے؟۔ نوٹس میں کہا گیا کہ 7 روز میں شوکاز نوٹس کا جواب دیں ورنہ آپ کی پارٹی رکنیت ختم کر دی جائے گی۔ یاد رہے کہ لطیف کھوسہ اکثر و بیشتر مختلف تقریبات اور پریس کانفرنسز میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کا دفاع کرتے نظر آتے ہیں اور سائفر کے معاملے پر بھی وہ (بقیہ نمبر 40)

لاہور: سانحہ 9 مئی: 54 روپوش ملزموں کو اشتہاری قرار دینے کی کارروائی شروع

نیب ترامیم کا فیصلہ کب سنا رہے ہیں چیف جسٹس سے صحافی کا سوال

میں اس بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتا، چیف جسٹس عمر عطاء بندیال کا جواب

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) چیف جسٹس عمر عطا بندیال سے صحافی نے قومی احتساب بیورو (نیب) ترامیم کے فیصلے سے متعلق سوال کیا ہے کہ نیب ترامیم کا فیصلہ کب سنا رہے ہیں جس کے جواب میں چیف جسٹس نے کہا ہے کہ میں اس بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔ سپریم کورٹ بار کی طرف سے اپنے اعزاز میں دیے گئے عشائیے میں چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال نے غیر رسمی گفتگو کی۔ صحافی نے چیف جسٹس سے سوال کیا کہ نیب ترامیم کا فیصلہ کب سنا رہے ہیں جس پر جسٹس عمر عطا بندیال نے کہا کہ میں اس بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال سے صحافی کی جانب سے سوال کیا (بقیہ نمبر 47)

راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن، لیڈی منشیات فروش سمیت 20 ملزمان گرفتار، ساڑھے 22 کلو سے زائد چرس برآمد، (بقیہ نمبر 46)

فیصل آباد، ڈاکوؤں کے گروہ کی تاجر کے گھر لوٹ مار، 40 لاکھ سے زائد مالیت کے زیورات، نقدی اور قیمتی سامان لوٹ کر فرار

فیصل آباد (کرائم رپورٹر) ڈاکوؤں کے گروہ رضا آباد میں جیولرز شاپ اور غلام محمد آباد سبزی منڈی کے تاجر کے گھر لوٹ مار کرتے ہوئے 40 لاکھ سے زائد مالیت کے زیورات، نقدی اور قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہو گئے۔ پولیس تلاش و بسیار کے باوجود سماج دشمن عناصر کے گروہوں کا سراغ نہ لگا سکی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ رضا آباد کے علاقہ کوکیانوالہ مین روڈ پر عظیم جیولرز شاپ میں داخل (بقیہ نمبر 45)

کراچی میں مزید 6 ماہ رینجرز کی تعیناتی، کچے میں فوج کے ساتھ آپریشن کا فیصلہ

تفصیلات کے مطابق سندھ کابینہ کا اجلاس نگراں وزیر اعلیٰ مقبول باقر کی زیر صدارت منعقد ہوا

2023 میں 218 لوگ اغواء ہوئے جن میں سے 207 بازیاب ہوئے جبکہ 11 لوگ ابھی تک یرغمال ہیں

کراچی (نامہ نگار) نگراں کابینہ نے کراچی میں مزید 6 ماہ تک رینجرز کی تعیناتی اور کچے میں پولیس، رینجرز اور فوج کے ساتھ آپریشن کا فیصلہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سندھ کابینہ کا اجلاس نگراں وزیر اعلیٰ مقبول باقر کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں صوبائی وزرا، چیف سیکرٹری ڈاکٹر فخر عالم، آئی جی سندھ رفعت مختار، پرنسپل سیکرٹری حسن نقوی، ایڈووکیٹ جنرل، پراسیکیوٹر جنرل و دیگر متعلقہ افسران شریک ہوئے۔ آئی جی نے امن و امان سے متعلق صوبے کی صورتحال پر بریفنگ دیتے ہوئے اجلاس کو بتایا کہ 2023 میں 218 لوگ اغوا ہوئے جن میں سے 207 بازیاب ہوئے جبکہ 11 لوگ ابھی تک یرغمال ہیں۔ آئی جی سندھ نے بتایا کہ 11 میں سے 3 لوگ شہید بینظیر آباد، 7 لاڑکانہ اور ایک سکھر سے اغوا ہوئے، وزیر اعلیٰ نے آئی جی کو مغویوں کو فوری بازیاب کرانے کی ہدایت کی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ کچے میں 238 دیہات، 8 پولیس سٹیشن اور 20 چیک پوسٹ ہیں۔ مقبول باقر نے کہا کہ کچے میں اچھی شہرت کے حامل پولیس افسران اور اہلکار تعینات کیے جائیں اچھی کارکردگی نہ دکھانے والے اہلکاروں کو تبدیل کیا جائے۔ اجلاس میں کراچی میں مزید 6 ماہ تک رینجرز کی تعیناتی اور کچے میں پولیس، رینجرز اور فوج کے ساتھ آپریشن کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے کچے کے علاقے میں انٹرنیٹ کی سہولت ختم (بقیہ نمبر 50)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ایک بار پھر اضافے کا امکان

پیٹرول کی قیمت میں 16 سے 17 روپے اور ڈیزل کی قیمت میں 24 روپے فی لیٹر اضافہ متوقع ہے

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) عوام پر ایک بار پھر پیٹرول بم گرانے کی تیاری، 16 ستمبر سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑے اضافے کا امکان ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 23 روپے 50 پیسے فی لیٹر تک اضافے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے، اوگرا نے پیٹرولیم مصنوعات کی ورکنگ تیار کر لی۔ ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ پیٹرول کی قیمت میں 16 سے 17 روپے فی لیٹر تک اضافے کا امکان ہے، جبکہ ڈیزل کی قیمت میں 24 روپے فی لیٹر اضافہ متوقع ہے۔ اس کے علاوہ پیٹرول پر لیوی میں 5 روپے فی لیٹر اور ڈیزل پر بھی لیوی میں اضافہ متوقع ہے۔ ان ٹیکسز سے آئی ایم ایف کیلئے اضافی ریونیو اکٹھا کیا جائے گا، اوگرا حتمی سمری کل وزارت خزانہ کو بھجوائے گا۔ دوسری جانب ملک میں تیل بحران پیدا ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا، پیٹرول اور ڈیزل مہنگا ہونے کے امکان کے باعث ڈیلرز نے پیٹرولیم مصنوعات کی ذخیرہ اندوزی شروع کر دی۔ ملک کے کئی شہروں میں ڈیلرز کی جانب سے (بقیہ نمبر 49)

جامعہ کراچی، ایوننگ پروگرام، اساتذہ کا ادائیگیاں نہ ہونے پر کلاسز کے بائیکاٹ کا اعلان

کراچی (خبر نگار) جامعہ کراچی ایوننگ پروگرام میں اساتذہ نے ادائیگیاں نہ ہونے پر ایوننگ کلاسز کے بائیکاٹ کا اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق جامعہ کراچی ایوننگ پروگرام میں اساتذہ نے ڈیڑھ سال سے ادائیگیاں نہ ہونے پر ایوننگ کلاسز کے بائیکاٹ کا اعلان کر دیا ہے۔ انجمن اساتذہ جامعہ کراچی نے کہا ہے کہ ادائیگیوں کے معاملے پر (بقیہ نمبر 48)

اسلام آباد: انتخابی نتائج مرتب کرنیوالے الیکشن مینجمنٹ سسٹم میں خامیاں سامنے آ گئیں

نگران وزیر اعلیٰ سندھ نے کچے میں انٹرنیٹ کی سہولت ختم کرنے کا حکم دے دیا

بطور آئی جی سندھ چارج سنبھالا تو 27 افراد اغوا تھے جن کی تعداد اب 11 رہ گئی ہے

شہریوں کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے۔ کوئی شخص گھر سے موبائل فون لیکر باہر نہیں نکل سکتا، یہ صورتحال ہرگز قبول نہیں

کراچی (سٹاف رپورٹر) نگران سندھ کابینہ کے اجلاس میں اہم فیصلے، نگران وزیر اعلیٰ سندھ نے کچے میں انٹرنیٹ کی سہولت ختم کرنے کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق نگران وزیر اعلیٰ سندھ جسٹس ریٹائرڈ مقبول باقر کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس ہوا۔ آئی جی سندھ نے امن و امان سے متعلق صوبے کی صورتحال پر اجلاس میں بریفنگ دی۔ آئی جی سندھ نے بتایا کہ رواں سال 218 لوگ اغواء ہوئے جن میں سے 207 مغوی بازیاب ہوئے۔ بطور آئی جی سندھ چارج سنبھالا تو 27 افراد اغوا تھے جن کی تعداد اب 11 رہ گئی ہے۔ آئی جی آگاہ کیا کہ 11 میں سے 3 افراد شہید بےنظیر آباد، 7 لاڑکانہ اور 1 سکھر سے اغوا ہوا۔ اجلاس میں بریفنگ دی گئی کہ کچے کی کل آبادی 4 لاکھ ہے۔ 238 دیہات، 8 تھانے اور 20 چیک پوسٹ ہیں۔ نگران وزیر اعلیٰ نے مغویوں کی فوری بازیاب کرانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ مغویوں کے خاندان کے ساتھ رابطے میں رہیں۔ کچے میں اچھی شہرت کے حامل پولیس افسران (بقیہ نمبر 56)

پشاور کے علاقے میں رات 10 بجے کے بعد مقامی لوگوں کی نقل و حرکت پر پابندی

پشاور (نیوز رپورٹر) پشاور کے علاقہ داودزئی میں رات دس بجے کے بعد مقامی لوگوں کی نقل و حرکت پر پابندی عائد کر دی گئی۔ تھانہ داودزئی کے ایس ایچ او نے اس سلسلے میں ہدایت نامہ جاری کر دیا۔ منشیات میں گرفتار ملزمان کی ضمانت کے لئے (بقیہ نمبر 57)

کراچی: سندھ کابینہ: کچے میں پولیس اور رینجرز کا آرمی کے ساتھ ملکر آپریشن کا فیصلہ

لیسکو آئی ٹی سنٹر میں ملازمین کے عہدوں میں بدانتظامیاں اور ناانصافیاں

تمام ملازمین کے سکیلز کو مدنظر رکھتے ہوئے ناانصافیوں کا جائزہ لیا جائے

ڈیٹا انٹری اپریٹر سکیل نمبر بالترتیب 15، 16 اور 17 میں کام کر رہے ہیں، ملازمین

لاہور (سٹاف رپورٹر) لیسکو آئی ٹی سنٹر کے ملازمین عہدوں میں بدانتظامیوں اور ناانصافیوں کی وجہ سے اپنے مستقبل کے حوالے سے شدید تشویش کا شکار رہیں ہیں ملازمین کا کہنا ہے کہ آئی ٹی سنٹر میں ڈیٹا کوڈر اور ڈیٹا انٹری اپریٹر سکیل نمبر بالترتیب 15، 16 اور 17 میں کام کر رہے ہیں اور ان کے اوپر سپروائزر گریڈ 16 میں کام کر رہے ہیں اور اسی آفس میں سپروائزر گریڈ 17 میں بھی کام کر رہے ہیں جو سینئر ہیں وہ جونیئر کے نیچے کام کر رہے ہیں اور جو سینئر سپروائزر رہیں ان کو گریڈ 16 اور ان کے نیچے کام کرنے والے ڈیٹا کوڈر اور ڈیٹا انٹری اپریٹر گریڈ 17 میں کام کر رہے ہیں اسی طرح گریڈ 15 سے آ گئے گریڈ 17 میں من پسند سٹاف کو پرموٹ کیا اور کچھ کو نظر انداز کیا آئی سی سپر وائزر اور آئی ٹی سپروائزر بھی گریڈ 16 اور گریڈ 17 میں کام کر رہے ہیں اور کچھ مختلف طریقوں سے گریڈ 18 تک پہنچ گئے اور کچھ گریڈ 18 میں جانے کے لیے سفارشیں ڈھونڈ رہے ہیں چیئرمین یونین آئی ٹی سنٹر جونیئر ہونے کے باوجود گریڈ سترہ میں سالہ سال سے تنخواہ لے رہے ہیں ملازمین نے مزید کہا کہ اس قسم کی بے ضابطگیوں اور بدانتظامیوں اور ناانصافیوں کی وجہ سے ان کا مستقبل شدید خطرے میں ہے اور اس ڈپریشن کی وجہ سے ملازمین (بقیہ نمبر 55)

حضرت مجدد الف ثانیؒ کے 410 ویں عرس میں 127 پاکستانی زائرین کی شرکت

اسلام آباد / نئی دہلی (جنرل رپورٹر) حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا 410 واں سالانہ عرس مبارک سرہند شریف میں منعقد ہوا جس میں 127 پاکستانی زائرین نے شرکت کی۔ پاکستان ہائی کمیشن نئی دہلی کی جانب سے جمعرات کو جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق پاکستان ہائی کمیشن کے ناظم الامور اعزاز خان نے 16 ویں صدی کے عظیم اسلامی سکالر (بقیہ نمبر 52)

کراچی، گاڑی کی پچھلی سیٹ پر بیٹھی بچی اندھی گولی کا نشانہ بن گئی

کراچی میں اندھی گولیاں لگنے سے گھروں میں دو بچے بھی زخمی ہوئے تھے

اندھی گولی کا شکار 7 سالہ مریم دم توڑ گئی، بچی والد کے ساتھ سکول جا رہی تھی

کراچی (جنرل رپورٹر) کراچی میں اندھی گولی کا شکار بچی دم توڑ گئی۔ تفصیلات کے مطابق شہر قائد میں ایک بار پھر شہری گھروں کے اندر اندھی گولیوں کا شکار بننے لگے ہیں، تازہ واقعے میں بچی جاں بحق ہو گئی۔ بتایا گیا ہے کہ کراچی میں ایک انتہائی افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے جہاں پر 7 سالہ بچی سکول جاتے ہوئے اندھی گولی کا نشانہ بن گئی۔ بچی کے زخمی ہونے کا واقعہ حسن چورنگی میں پیش آیا۔ بچی کار کی پچھلی سیٹ پر بیٹھ کر والد کے ساتھ سکول جا رہی تھی۔ دوران سفر نامعلوم سمت سے آنے والی گولی بچی کو لگی۔ فائرنگ سے بچی شدید زخمی ہو گئی تھی۔ 7 سالہ بچی کو تشویشناک حالت میں اسپتال منتقل کیا گیا تھا (بقیہ نمبر 51)

یاسمین راشد کو کینسر کے ٹیسٹ کرانے کی اجازت مل گئی

انسداد دہشت گردی عدالت نے پی ٹی آئی رہنما کے علاج کیلئے درخواست منظور کر لی

لاہور (نیوز رپورٹر) یاسمین راشد کو سروسز ہسپتال میں کینسر کے ٹیسٹ کرانے کی اجازت مل گئی۔ تفصیلات کے مطابق انسداد دہشت گردی عدالت میں پی ٹی آئی رہنما یاسمین راشد اور عمر سرفراز چیمہ کے علاج سے متعلق درخواست پر سماعت ہوئی، جج عبہر گل نے سماعت کی۔ عدالت نے سابق وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر یاسمین راشد کے علاج کیلئے درخواست منظور کر لی۔ انسداد دہشت گردی عدالت نے جیل حکام کو یا (بقیہ نمبر 53)

لاہور پولیس کی جانب سے رواں سال گداگری کیخلاف 4592، بجلی چوری کی 7393 مقدمات درج

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس نے قانون شکن عناصر کی بیخ کنی کے لئے رواں سال میں انسداد گداگری ایکٹ کے تحت 4592 مقدمات کئے ہیں جبکہ بجلی چوری کی 7393، کرایہ داری ایکٹ کی 4248، ساؤنڈ سسٹم ایکٹ (بقیہ نمبر 54)

فیصل آباد اے سی صدر کی کارروائی، چینی کے ذخیرہ کئے گئے 2500 بیگز برآمد کر لئے

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر صدر فضل عباس نے ڈجکوٹ میں کارروائی کرتے ہوئے چینی کے ذخیرہ کئے گئے 2500 بیگز برآمد کر لئے۔ انہوں نے اطلاع ملنے پر ڈجکوٹ میں تین مختلف مقامات پر گودامز چیک کئے جہاں چینی کی (بقیہ نمبر 63)

کوئٹہ: مستونگ میں دھماکہ، جے یو آئی رہنما حافظ حمد اللہ سمیت 11 افراد زخمی، تصویری مناظر

مستونگ میں دھماکہ، جے یو آئی رہنما حافظ حمد اللہ سمیت 11 افراد زخمی

سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان کی حافظ حمد اللہ پر ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے

مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ صوبائی نگران حکومت اس افسوس ناک واقعہ کے ذمہ داران کو کیفر کردار تک پہنچائیں

کوئٹہ (خبر نگار) بلوچستان کے علاقے مستونگ میں سڑک کنارے دھماکا ہوا ہے جس کے نتیجے میں جے یو آئی رہنما و ترجمان پی ڈی ایم حافظ حمد اللہ سمیت 11 افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق دھماکہ حافظ حمد اللہ کی گاڑی کے قریب ہوا، حافظ حمد اللہ منگوچر جا رہے تھے۔ دھماکے کی اطلاع ملنے پر پولیس اور ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں، دھماکے سے جے یو آئی رہنما کے ساتھی اور گن مین سمیت 11 افراد بھی زخمی ہوئے ہیں جنہیں میر بخش رئیسانی ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے جائے وقوعہ کو گھیرے میں لے لیا ہے اور شواہد اکٹھے کیے جا رہے ہیں۔ اس حوالے سے جے یو آئی ف کے ترجمان اسلم غوری کا کہنا ہے کہ حافظ حمد اللہ دھماکے کے نتیجے میں معمولی زخمی ہوئے ہیں، تشویش کی کوئی بات نہیں۔ دوسری جانب نگران وزیر اعلیٰ بلوچستان علی مردان ڈومکی اور صوبائی وزیر داخلہ زبیر جمالی نے مستونگ دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے زخمیوں کی صحتیابی کے لیے (بقیہ نمبر 64)

سائفر کیس، اسد عمر کی درخواست ضمانت قبل از گرفتاری منظور

سابق وفاقی وزیر کو 50 ہزار روپے کے ضمانتی مچلکے جمع کروانے کی ہدایت کر دی گئی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سائفر کیس، سابق وفاقی وزیر اسد عمر کی درخواست ضمانت منظور کر لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت قائم خصوصی عدالت میں سابق وفاقی وزیر اسد عمر کی درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی، جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے کیس کی سماعت کی۔ اسد عمر اپنے وکیل بابر اعوان کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔ بابر اعوان نے کہا کہ میرے مؤکل کے خلاف اب تک کیا انویسٹی گیشن ہوئی؟۔ جج نے پراسیکیوشن سے استفسار کیا کہ جی بتائیں اب تک کیا تفتیش ہوئی؟ ایک ہی کیس ہے تو باقی وکلاء کو بھی بلا لیں۔ پراسیکیوشن نے کہا کہ ملزم شامل تفتیش ہوتے ہیں، تفتیشی کسی کے پیچھے نہیں جاتے۔ یہ ابھی تک شامل تفتیش نہیں ہوئے۔ عدالت نے پراسیکیوشن سے استفسار کیا کہ آپ کے پاس موقع تھا، ایف آئی آر میں ان کا نام بھی واضح نہیں۔ اسد عمر نے دوران سماعت کہا کہ مجھ سے ایف آئی اے نے تفتیش کی، شامل تفتیش ہونے کے بعد ایف آئی اے نے کہا اسد عمر کا (بقیہ نمبر 58)

فیصل آباد، محکمہ صحت نے پنجاب میں دوبارہ کرونا وائرس پھیلنے کا الرٹ جاری کر دیا

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) محکمہ صحت نے پنجاب میں دوبارہ کرونا وائرس پھیلنے کا الرٹ جاری کر دیا اور سی ای اوز ہیلتھ کو اپنے اپنے اضلاع میں کرونا وائرس کو پھیلنے سے روکنے کیلئے بوسٹر ڈوز کے انتظامات کرنے کے احکامات جاری کر دیئے۔ تفصیلات کے مطابق سیکرٹری پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے جاری ہونیوالے (بقیہ نمبر 59)

سات دنوں میں ایک ارب یونٹ بجلی ریکور کر لی، پاور ڈویژن

7 تا 14 ستمبر 4 ہزار 241 مقدمات درج ہوئے 490 بجلی چور گرفتار کیے

7 ستمبر سے 14 ستمبر تک بجلی چوروں کے خلاف 4 ہزار 241 مقدمات درج ہوئے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) حکومت کا بجلی چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، پاور ڈویژن نے دعویٰ کیا ہے کہ صرف سات دنوں میں ایک ارب یونٹ بجلی ریکور کر کے 490 بجلی چوروں کو گرفتار کر لیا۔ سیکرٹری پاور ڈویژن راشد لنگڑیال نے اپنے ٹویٹ میں کہا ہے کہ وزیر اعظم کی ہدایت پر بجلی چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن کامیابی سے جاری ہے، سات دنوں میں ایک ارب یونٹ بجلی کی ریکوری کر لی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 7 ستمبر سے 14 ستمبر تک بجلی چوروں کے خلاف 4 ہزار 241 مقدمات درج ہوئے، سات روز میں 490 بجلی چور گرفتار کیے گئے، اب تک 95 کروڑ روپے (بقیہ نمبر 60)

سیلز ٹیکس چوروں کے خلاف بڑی کارروائی کی تیاریاں، نگراں حکومت نے گرین سگنل دیدیا

لاہور (نیوز رپورٹر) نگراں حکومت نے ٹیکس چوروں کے خلاف ایکشن کیلئے ایف بی آر کو کارروائیاں کرنے کے لئے گرین سگنل دے دیا گیا، سیلز ٹیکس شرح کم ظاہر کر کے ٹیکس چوری کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں کی جائیں گی۔ (بقیہ نمبر 61)

یاسمین راشد، عمر سرفراز چیمہ کی علاج کے لیے درخواست منظور

واضح رہے کہ ڈاکٹر یاسمین راشد 9 مئی کے جلاؤ گھیراؤ کے مقدمات میں جیل میں ہیں

لاہور (نیوز رپورٹر) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے تحریک انصاف کی رہنما ڈاکٹر یاسمین راشد اور سابق گورنر پنجاب عمر سرفراز چیمہ کی علاج کے لیے درخواست منظور کر لی۔ یاسمین راشد نے سروسز ہسپتال میں کینسر کے ٹیسٹ کرانے کی اجازت مانگی تھی جس پر عدالت نے جیل حکام کو ان کے سروسز ہسپتال سے کینسر ٹیسٹ کرانے کا حکم دے دیا۔ عدالت کی جانب سے کہا گیا کہ جیل حکام یاسمین راشد کو ہسپتال میں کینسر ٹیسٹ کے لیے لے کر جائیں۔ واضح رہے کہ ڈاکٹر یاسمین راشد 9 مئی کے جلاؤ گھیراؤ (بقیہ نمبر 62)

ننکانہ صاحب بیوہ کی پکار پر پولیس کی امداد، ایس ایچ او راشن لیکر خاتون کے گھر پہنچ گئے

ننکانہ صاحب (نیوز رپورٹر) ننکانہ صاحب بیوہ کی پکار پر پولیس کی امداد۔ پولیس مددگار ہیلپ لائن پکار 15 پر سفید پوش خاتون کی گھر میں فاقہ کشی کی کال۔ مدد کی اپیل، ڈی پی او ننکانہ صاحد عزیز کی ہدایت پر پولیس مدد کو پہنچ گئی۔ پولیس (بقیہ نمبر 65)

جوڈیشل عدالت نے کیپٹن (ر) صفدر کی بریت کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا

جمعرات کو سماعت پر کیپٹن (ر) صفدر اپنے وکیل کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے اور اپنی حاضری لگائی

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور کی ضلع کچہری کی جوڈیشل عدالت نے انتشار انگیز تقاریر اور پولیس اہلکاروں سے جھگڑا کرنے کے الزام میں درج مقدمہ میں سابق وزیر اعظم نواز شریف کے داماد، مسلم لیگ ن کے رہنما کیپٹن (ر) صفدر کی بریت کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ جوڈیشل مجسٹریٹ بلال منیر وڑائچ نے کیس کی سماعت کی۔ جمعرات کو سماعت پر کیپٹن (ر) صفدر اپنے وکیل کے ہمراہ (بقیہ نمبر 66)

ایڈیٹر انچیف ۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ ۔ 0309-7900035